# بروکلین
# (Brooklyn)
ضلعے 33–48

**قبل از وقت ووٹنگ**
28 اکتوبر–5 نومبر

**انتخاب کا دن**
7 نومبر

# nyc 2023
# عام انتخاب
# ووٹر گائیڈ

**NYC VOTES**
نیو یارک سٹی کیمپین فائنانس بورڈ کا ایک قدم

ووٹ ڈالنا اب آسان تر
nycvotes.org/ur

# 2023 NYC ووٹر گائیڈ

آپ کو یہ ووٹر گائیڈ وصول ہو رہی ہے کیونکہ آپ ایک رجسٹر شدہ ووٹر ہیں اور آپ نے حالیہ انتخاب میں ووٹ دیا ہے۔
اپنے ضلع میں امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھنے کے لیے، urdu.nycvotes.org/candidates پر جائیں۔

### میں نے ووٹ کب دینا ہے؟

- عام انتخاب بروز منگل 7 نومبر کو منقد ہو رہا ہے۔
- آپ بروز ہفتہ 28 اکتوبر تا اتوار 5 نومبر تک قبل از وقت ووٹ دے سکتے ہیں۔ پیر، 6 نومبر کو کوئی قبل از وقت ووٹنگ نہیں ہے۔

### میں کس کے لیے ووٹ دے رہا ہوں؟

**دفاتر**

- سٹی کونسل
- ڈسٹرکٹ اٹارنی (برونکس (Bronx)، کوئینز (Queens)، سٹیٹن آئیلینڈز (Staten Island))
- ریاستی سپریم عدالت جج (مین ہیٹن (Manhattan)، برونکس ، کوئینز ، بروکلن (Brooklyn))
- سول عدالت کے ججز
- قائم مقام عدالت (بروکلن)
- بیلٹ تجاویز

آپ کے بیلٹ پر دفاتر اس بنیاد پر مختلف ہو سکتے ہیں کہ آپ کہاں رہتے ہیں۔ اپنا بیلٹ vote.nyc/page/find-your-poll-site پر تلاش کریں۔

nycvotes.og/ur پر مزید جانیں!

### انتخاب کی تاریخیں اور ڈیڈ لائنز

| | |
|---|---|
| اکتوبر 23 | **غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کی ڈیڈ لائن** (آن لائن یا ڈاک کے ذریعے)<br>*اگر آپ اپنا غیر حاضر بیلٹ درخواست فارم ڈاک کے ذریعے بھیجتے ہیں، تو یہ انتخابات بورڈ (Board of Elections) کو درج ذیل تاریخ تک موصول ہو جانا چاہیے۔ |
| اکتوبر 28 | **ووٹر رجسٹریشن کی ڈیڈ لائن**<br>**قبل از وقت ووٹنگ کا آغاز** |
| نومبر 5 | **قبل از وقت ووٹنگ کا اختتام** |
| نومبر 6 | **غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کی آخرتی تاریخ** (انتخابات بورڈ کے دفتر میں ذاتی طور پر) |
| نومبر 7 | **عام انتخاب کا دن**<br>**(صبح 6:00 – رات 9:00)**<br>**ڈاک کی مہر لگی ہوئی غیر حاضر بیلٹ کی آخری تاریخ یا اسے قریبی پول سائٹ پر ڈراپ کر دیں** |

## جدول برائے مندرجات


3 ووٹ کیسے دیں
4 اپنی پول سائٹ پر کیا توقع کریں
5 بطور ووٹر میرے حقوق کیا ہیں؟
6 رسائی
7 نمونے کا بیلٹ
8 منتخب شدہ عہدیدار کیا کرتے ہیں؟
9 سٹی کونسل کے بارے میں
10 بیلٹ پر امیدوار
58 بیلٹ تجاویز
61 NYC Votes کے متعلق
62 کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات
64 انتخابات بورڈ سے رابطہ کریں

# ووٹ کیسے دیں

## پول سائٹ ووٹنگ کے اوقات

**اپنی پول سائٹ اور ووٹنگ کے اوقات تلاش کریں:**

- **nycvotes.org/ur** ملاحظہ کریں۔
- NYC انتخابات بورڈ کو VOTE-NYC (866-868-3692)-866 یا TTY 212-487- 5496 پر کال کریں۔

## انتخاب کا دن

پولنگ کا عمل انتخاب کا دن 7 نومبر کو صبح 6:00 تا رات 9:00 بجے تک کھلا رہے گا۔ آپ کو لازماً اپنی تفویض کردہ پول سائٹ پر ہی ووٹ ڈالنا۔

**پول سائٹس تبدیل ہو سکتی ہیں، لہٰذا جانے سے پہلے ہمیشہ اپنی جگہ چیک کریں!**

## قبل از وقت ووٹنگ

آپ انتخاب کا دن سے پہلے بھی خود جا کر قبل از وقت ووٹ کریں دے سکتے ہیں!

**کیا معلوم کریں**

- آپ کو قبل از وقت ووٹنگ کی ایک جگہ تفویض کی جاتی ہے، جو ممکنہ طور پر آپ کے انتخاب کا دن کی پول سائٹ سے مختلف ہو سکتی ہے۔
- اوقات ہر روز مختلف ہوتے ہیں، اس لیے اپنی پول سائٹ کو چیک کرنا یقینی بنائیں اور جانے سے پہلے ان کے اوقات کی تصدیق کریں۔

**قبل از وقت ووٹنگ کی تاریخیں**

ہفتہ 28 اکتوبر تا اتوار 5 نومبر۔

## بذریعہ ڈاک ووٹ

**اگر آپ کے پاس کوئی معقول وجہ ہے، جیسا کہ انتخاب کا دن میں موجود نہ ہونا یا کوئی بیماری یا جسمانی معذوری ہے تو آپ غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کر سکتے ہیں۔**

**23 اکتوبر آپ کے بیلٹ کی آن لائن درخواست کرنے کی آخری تاریخ ہے یا یہ انتخابات بورڈ کو بھی بذریعہ ڈاک درخواست موصول ہونے کی آخری تاریخ ہے۔**

**اگر آپ بذریعہ ڈاک ووٹ ڈالنے کا ارادہ رکھتے ہیں صرف تبھی غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کریں۔ اگر آپ غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کرنے کے بعد ذاتی طور پر ووٹ دینے کا انتخاب کرتے ہیں، تو آپ کو اپنی پول سائٹ پر حلف نامہ والا بیلٹ کے ساتھ ووٹ دینا ہو گا۔**

**اپنے غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کیسے کریں:**

- **nycabsentee.com** ملاحظہ کریں۔
- NYC انتخابات بورڈ کو VOTE-NYC (866-868-3692) -866 یا TTY 212-487-5496 پر کال کریں۔
- اپنے NYC مقامی انتخابات بورڈ کے دفتر میں تشریف لے جائیں۔ اپنا درخواست بالمشافہ طور پر جمع کروانے کے لیے آخری تاریخ 6 نومبر ہے۔

**اگر آپ بصارت سے محروم ہیں یا معذوری کا شکار ہیں**

اپنے بیلٹ کو ایک اسکرین ریڈر کی جانب سے پڑھے جانے کو ممکن بنانے کے لیے، آپ **nycabsentee.com/accessibility** پر جا کر یا اوپر نمبر پر کال کر کے ایک قابل رسائی غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کر سکتے ہیں۔

**اپنے بیلٹ کو ٹریک کریں**

آپ اپنا بیلٹ NYC انتخابات بورڈ سے **nycabsentee.com/tracking** پر ٹریک کر سکتے ہیں۔

# اپنی پول سائٹ پر کیا توقع کریں

## جب آپ پہنچ جائیں تو چیک ان کریں

جب آپ اندر جائیں گے تو پول ورکر آپ کو دکھائے گا کہ آپ نے کہاں پر سائن ان کرنا ہے۔ وہ رجسٹرڈ ووٹرز کی فہرست میں آپ کا نام دیکھیں گے اور بیلٹ گے۔ کریں چیک کو دستخط کے آپ پہلے سے دینے

**پیشہ ور تجویز: اگر آپ کو انتخابات بورڈ کی طرف سے میل میں ایک فاسٹ پاس موصول ہوا ہے، تو تیز تر چیک ان کے لیے اسے اپنے ساتھ لائیں!**

*ووٹ دینے کے لیے آپ کو شناختی دستاویز دکھانے کی ضرورت نہیں ہے، ماسوائے یہ کہ آپ پہلی بار کا ووٹر دے رہے ہوں اور آپ نے ووٹ دینے کے لیے اندراج کرتے وقت DMV یا سوشل سیکیورٹی نمبر فراہم نہیں کیا تھا۔

---

## اپنا بیلٹ پر کریں

اپنی کے آگے بیضوی شکل کو مکمل طور پر بھر کے اپنے بیلٹ کو نشان زد کریں۔

اگر آپ سے کوئی غلطی سرزد ہوتی ہے یا آپ بیلٹ کے بارے میں کوئی سوال پوچھنا چاہتے ہیں، تو آپ پول ورکر کو مدد کرنے کا کہہ سکتے ہیں!

*اپنے بیلٹ کی دونوں اطراف کو چیک کرنا مت بھولیں
تاکہ آپ سے کوئی چیز رہ نہ جائے۔

---

## اپنا بیلٹ اسکین کریں

ایک بار جب آپ اپنا بیلٹ پُر کر لیتے ہیں، تو ایک پول ورکر آپ ک بیلٹ کو اسکینر میں داخل کرنے میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ کا ووٹ داخل ہونے کے بعد اسکینر آپ کو مطلع کر دے گا۔

---

## اپنا اسٹیکر حاصل کریں

اپنا اسٹیکر! اسے لگائیں، اسے دکھائیں، اور یقینی بنائیں کہ آپ کے دوست اور خاندان بھی ووٹ ڈالنے کا سوچ رہے ہیں۔

# بطور ووٹر میرے حقوق کیا ہیں؟

## آپ کو عام انتخابات میں درج ذیل صورتوں میں ووٹ دینے کا حق حاصل ہے:

- آپ ایک رجسٹر شدہ ووٹر ہیں۔
- وقت ختم ہونے تک آپ پول سائٹ پر لائن میں موجود ہوں۔

## کسی بھی انتخاب میں، آپ کو حق حاصل ہے کہ:

- اگر آپ کوئی بھی مدد، ایک مترجم یا زبان کی مدد درکار ہو، تو آپ کسی بھی پول ورکر کو کہیں۔ ترجمانوں کے بارے میں معلومات کے لیے
866-VOTE-NYC (866-868-3692) کال کریں
سماعت سے محروم افراد TTY 212-487-5496 یا کے لیے۔
- ووٹ دینے میں مدد کے لیے کسی کو اپنے ساتھ لائیں (ماسوائے اپنا آجر یا یونین کا نمائندہ)۔
- اس ووٹر گائیڈ سمیت دیگر مواد اپنے ساتھ لائیں۔
- ووٹنگ مشین خراب ہو تو بھی ووٹ ڈالیں۔
- اگر آپ کا نام آپ کی پول سائٹ پر ووٹرز کی فہرست میں موجود نہیں ہے تو حلف نامہ والے بیلٹ کے ذریعے ووٹ دیں۔
- ایک قابل رسائی پولنگ کی جگہ جو کسی مادی رکاوٹ ہو۔ پاک سے
- اپنا بیلٹ ڈالنا کے لیے قابل رسائی ووٹنگ مشین استعمال کریں۔
- اپنی قابلیت یا معذوری سے قطع نظر ووٹ دیں۔

## کے لیے ووٹنگ کے حقوق:

- نامناسب رویوں اور خلاف ورزیوں کی سزائیں آپ کو ووٹ کے حق سے محروم نہیں کرتیں، چاہے آپ جیل میں وقت گزار رہے ہوں۔
- اگر آپ فی الحال کسی جرم کی سزا میں قید ہیں، تو آپ ووٹ دینے کے اہل نہیں ہیں۔ تاہم، اگر آپ کسی سنگین جرم میں سزا یافتہ ہیں اور آپ کی سزا معطل شدہ ہے، تو آپ ووٹ دے سکتے ہیں۔
- اور آپ کو جیل سے رہا کر دیا گیا ہے، تو آپ ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ تاہم، آپ کو ووٹ کرنے کے لیے رجسٹر کروائیں کرنا ہو گا۔
- اگر آپ موجودہ طور پر پروبیشن یا پیرول پر ہیں، تو آپ ووٹ دے سکتے ہیں۔
- اگر آپ اس وقت کسی کے لیے جیل میں ہیں یا مقدمے کے منتظر ہیں، تو آپ ووٹ دے سکتے ہیں۔

## اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہو، تو کس سے رابطہ کریں:

- اگر آپ کی پول سائٹ پر کوئی مسئلہ ہو، تو پول انتخابات بورڈ سے NYC ورکر کو بتائیں یا
866-VOTE-NYC (866-868-3692)
پر رابطہ کریں۔ TTY 212-487-5496 پر یا
- اگر آپ کے حقوق کی خلاف ورزی کی گئی ہےتو تربیت یافتہ الیکشن پروٹیکشن رضاکار سے بات کرنے کے لیے الیکشن پروٹیکشن ہاٹ لائن پر کال کریں اور
866-OUR-VOTE (866-687-8683)
کریں۔ حاصل مدد قانونی مفت پر
- نیویارک کے اٹارنی جنرل کو (866) 390-2992 پر کال کر کے یا **ag.ny.gov/election-hotline** پر جا کر اپنی شکایت شیئر کریں۔

# رسائی پذیری

کے ہر ووٹر کو حق حاصل ہے کہ وہ نجی اور آزادانہ طور پر ووٹ ڈال سکے۔ اگر آپ کو معذوری یا انگریزی کی محدود مہارت کی وجہ سے اپنا بیلٹ بھرنے میں معاونت درکار ہو، تو مدد دستیاب ہے۔

## قابل رسائی غیر حاضر بیلٹ

اگر آپ بصارت سے محروم ہیں یا کاغذی بیلٹ پر نشان نہیں لگا سکتے، تب بھی آپ بذریعہ ڈاک ووٹ دے سکتے ہیں۔ آپ ایک قابل رسائی غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کر سکتے ہیں جسے اسکرین ریڈر پڑھ سکتا ہے اور کمپیوٹر کی مدد سے پر کیا جا سکتا ہے۔ قابل رسائی غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں **nycabsentee.com/accessibility** یا **866-VOTE-NYC (866-868-3692)** یا **TTY 212-487-5496** پر کال کریں۔

## زبان اور ترجمانی کی سروسز

شہر بھر میں کئی پول سائٹس پر ترجمان دستیاب ہیں۔ اپنے بیلٹ کو سمجھنے اور مکمل کرنے میں مدد فراہم کرنے کے لیے، آپ کو حق حاصل ہے کہ آپ کسی فرد، بشمول خاندان کے ایک رکن، دوست، یا مترجم کو ہمراہ لائیں۔

آپ **vote.nyc** پر جان سکتے ہیں کہ کون سی پول سائٹس ترجمانوں کی سہولت فراہم کرتی ہیں آپ **866-VOTE-NYC (866-868-3692)** پر بھی کال کر سکتے ہیں۔

## بیلٹ مارکنگ ڈیوائس

**بیلٹ مارکنگ ڈیوائسز (ballot marking devices, BMD) ووٹروں کے لیے بہتر رسائی پذیری فراہم کرنے کے لیے تمام پول سائٹس پر دستیاب ہوں گی، بشمول وہ لوگ جو نابینا ہیں، بصارت سے محروم ہیں یا جن کی معذوری یا حالت ایسی ہے جس کی وجہ سے ان کے لیے بیلٹ کو قلم سے نشان زد کرنا مشکل یا ناممکن ہے۔**

اگر آپ BMD استعمال کرنا چاہتے ہیں، تو بس پول ورکر سے کہیں! آپ اسے ڈسپلے اسکرین پر بیلٹ دیکھنے، اضافی زبانوں میں ترجمہ کرنے یا ہیڈ فون کے ذریعے اپنے اختیارات کو سننے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔

## یہ ڈیوائس آپ کے بیلٹ پر نشان لگانے کے چار طریقے فراہم کرتی ہے:



ٹچ اسکرین



کی پیڈ (بریل)



سِپ اینڈ پف ڈیوائس
**گھونٹ اور پھونک والی ڈیوائس**



راکر پیڈل

- آپ متن کو بڑا کرنے کے لیے "ZOOM IN" (زوم ان) کر سکتے، متن کو اصل سائز میں واپس لانے کے لیے "ZOOM OUT" (زوم آؤٹ) کر سکتے ہیں یا سیاہ پس منظر پر سفید متن میں بیلٹ کو ظاہر کرنے کے لیے "HIGH CONTRAST" (ہائی کنٹراسٹ) منتخب کر سکتے ہیں۔
- آپ ہیڈ فون پر آڈیو کی رفتار اور والیم کو ڈبل اور ایڈجسٹ بھی کر سکتے ہیں۔
- یاد رکھیں! آپ کے انتخاب اس وقت تک حتمی نہیں ہوتے جب تک کہ آپ اپنا نشان زدہ بیلٹ اسکینر میں داخل نہیں کرتے اور اپنا ووٹ نہیں ڈالتا۔
- اگر آپ اسکینر میں اپنا بیلٹ داخل کرنے میں مدد چاہتے ہیں، تو ایک پول ورکر آپ کی مدد کرے گا۔

# نمونے کا بیلٹ

ذیل نمونہ بیلٹ صرف دکھانے کے لیے ہے۔ یہ آپ کا اصلی بیلٹ نہیں ہے اور اسے پُر کرنا آپ کے ووٹ میں شمار نہیں ہوگا۔

| | | |
|---|---|---|
| **City Council** | ⬭ **Candidate A** Party 1 | ⬭ **Candidate B** Party 2 |
| **District Attorney** Bronx, Queens, Staten Island | ⬭ **Candidate A** Party 1 | ⬭ **Candidate B** Party 2 |
| **State Supreme Court** Manhattan, Bronx, Queens, Brooklyn | ⬭ **Candidate A** Party 1 | ⬭ **Candidate B** Party 2 |
| **Civil Court Judges** | ⬭ **Candidate A** Party 1 | ⬭ **Candidate B** Party 2 |
| **Surrogate's Court** Brooklyn | ⬭ **Candidate A** Party 1 | ⬭ **Candidate B** Party 2 |

## میرے سرفہرست انتخاب

سٹی کونسل اور بیلٹ تجاویز کے لیے اپنے انتخابات درج کرنے کے لیے یہ **صفحہ** استعمال کریں۔ آپ اپنا بیلٹ پُر کرتے وقت اسے اپنے ساتھ اپنی پول سائٹ پر لے جا سکتے ہیں۔

سٹی کونسل

بیلٹ تجاویز

تجویز 1

تجویز 2

**یاد دہانی! آپ کی پارٹی اور جہاں آپ رہتے ہیں اس کے لحاظ سے آپ کے بیلٹ پر اضافی دفتر بھی ہو سکتے ہیں۔**

آپ **findmypollsite.vote.nyc** پر انتخابات بورڈ سے اپنے بیلٹ کے نمونے کا جائزہ لے سکتے ہیں۔

# منتخب عہدیداران کیا کرتے ہیں؟

ہمارے منتخب عہدیداران ہر روز ایسے فیصلے کرتے ہیں جو ملازمتوں، رہائش، تعلیم، نگہداشت صحت اور بہت کچھ پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ اپنے بیلٹ پر موجود دفاتر کے بارے میں مزید جانیں۔

اپنے ضلع میں امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھنے کے لیے، **urdu.nycvotes.org/candidates** پر جائیں۔

## شہر کے دفاتر

### سٹی کونسل

سٹی کونسل نیو یارک سٹی کی حکومت کی قانون 51 ممبران ہیں۔ کونسل ممبرز عام طور پر 4 سال (مسلسل 2 تک) خدمات انجام دیتے ہیں۔

2020 کی مردم شماری کے بعد، سٹی کونسل کے اضلاع کو آبادی میں تبدیلیوں کو اس عمل کی وجہ سے، 2021 اور 2023 میں منتخب ہونے والے کونسل ممبرز نئے وضع کردہ ضلعوں میں 2 سالہ ادوار گزاریں گے۔ 2025 میں، 4 سالہ مدت دوبارہ شروع ہو جائے گی۔

- بل متعارف
- شہر کے بجٹ پر گفت و شنید
- شہر کی ایجنسیوں کی نگرانی
- ہمارے شہر کی اور ترقی کے بارے میں فیصلے
- ان کے رائے دہندگان کی حمایت کریں۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**.

## کاؤنٹی دفاتر

### ضلعی اٹارنی

ضلعی اٹارنی ان کی کاؤنٹی کے لیے سرفہرست پراسیکیوٹر ہے۔ وہ 4 سال تک خدمت کرتے ہیں۔ ان

- فیصلہ مقدمہ چلایا جائے (اور کن پر نہیں)۔
- تمام فوجداری مقدمات کی نگرانی
- مجرمانہ طرز عمل کی تحقیقات

## ججز

### ریاستی سپریم کورٹ

سٹیٹ سپریم عدالت کے ججز اپنی کاؤنٹیز میں بڑے فیلونی اور دیوانی کیسز سنتے ہیں۔ سپریم کورٹ نیو یارک ریاست میں ٹرائل کورٹ ہے؛ کورٹ آف اپیلز اعلٰی ترین عدالت ہے۔ وہ 14 سالہ ادوار میں خدمات انجام دیتے ہیں۔

- طلاق، علیحدگی اور منسوخی کی کارروائیوں کی صدارت کرتے ہیں۔
- فیلونیز (جن کے لیے ایک سال سے زیادہ کی سزا دی جا سکتی ہے) کے فوجداری مقدمات سے نمٹتے ہیں۔
- دیوانی معاملات پر فیصلہ دیتے ہیں، مثلًا معائدے اور ضرر کے دعوے۔

### سول عدالت – کاؤنٹی اور ضلع

سول عدالت کے ججز کاؤنٹیز یا ضلعوں کا احاطہ کر سکتے ہیں، لہٰذا آپ کو اپنے بیلٹ پر ایک سے زیادہ سول ججز نظر آ سکتے ہیں۔ جج 10 سال کی مدت کے لیے منتخب ہوتے ہیں اور مقدمات کی سماعت کرتے ہیں، بشمول:

- سول معاملات $50,000 تک۔
- مکان مالک کرایہ دار کے معاملات اور رہائش کے معیارات کی دیکھ بھال سے
- قانونی چارہ جوئی۔

### سروگیٹس کورٹ

قائم مقام عدالت کے ججز کاؤنٹی کے رہائشیوں کی وفات کے بعد ان کی ایسٹیٹس والے مقدمات پر فیصلے کرتے ہیں۔ وہ 14 سالہ کے ادوار میں خدمات انجام دیتے ہیں اور درج ذیل اقسام کے کیسز سنتے ہیں:

- متوفی کے معاملات، جیسے کہ وصیتیں اور ایسٹیٹس کا انتظام۔
- گود لینا۔
- گارڈین شپس۔

# سٹی کونسل ممبر کی زندگی کا ایک دن


**سٹی کونسل ممبرز آپ کے لیے کیا کرتے ہیں؟**

- رہائش، نگہداشت صحت، تعلیم، عوامی تحفظ اور مزید جیسے مسائل پر بلوں کا مسودہ تیار کرتے اور ووٹ دیتے ہیں۔ کونسل ممبرز عمر رسیدہ ہونے سے لے کر نوجوانوں کی سروسز تک کے مسائل پر کمیٹیوں میں بھی شامل ہو سکتے ہیں۔
- سٹی کا ~$107 بلین تک کا بجٹ بنانے اور منظور کرنے کے لیے میئر کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ کونسل کا ہر رکن اسکولوں کی تعمیر اور اپنے ضلع میں بہتری لانے کے لیے ~$5 ملین کے بجٹ اور غیر منافع بخش تنظیموں کی مدد کے لیے ~$500,000 کے اضافی بجٹ کا انتظام بھی کرتا ہے۔
- شہر کی ایجنسیوں کی نگرانی کریں جو نیویارک کے شہریوں کی خدمت کرتی ہیں، بشمول نیویارک سٹی پولیس ڈیپارٹمنٹ اور نیو یارک سٹی محکمہ تعلیم۔
- شہر بھر میں عمارت اور زمین کے استعمال کا تعین کریں، بشمول جائیداد کے مالکان کے لیے زوننگ کی نگرانی، نشانات کو محفوظ کرنا، اور شہر کی زمین اور عوامی سہولیات کا انتظام کرنا۔
- آپ جیسے رائے دہندگان کی مدد۔ کونسل ممبرز اور ان کے دفاتر ٹیکس کی تیاری، سستی رہائش، درخت لگانے، گندے فٹ پاتھ بہت سے دیگر مسائل میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہو، تو اپنے کونسل ممبر سے رابطہ کریں!

## سٹی کونسل کا نقشہ

- NYC میں سٹی کونسل کے 51 اضلاع ہیں
- ہر ڈسٹرکٹ میں ~172,000 ووٹرز رہتے ہیں
- سٹی کونسل NYC کے ~$107 بلین تک بجٹ کی منظوری دیتی ہے

**اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں:**
**findmypollsite.vote.nyc.**



# سٹی کونسل ضلع 33

**ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی**

- لنکن ریسٹلر (Lincoln Restler)

**ریپبلکن، کنزرویٹو، میڈیکل فریڈم**

- مارتھا روین (Martha Rowen)

یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار **NYC** کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔ صفحہ 61 پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔



## لنکن ریسٹلر (Lincoln Restler)

ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. آب و ہوا کے بحران سے نمٹنا
2. سستی رہائش بنائیں اور محفوظ کریں
3. بہتر ماس ٹرانزٹ، محفوظ تر سڑکیں

***"میں نے اپنی پوری زندگی rd33 میں گزاری ہے اور آپ کے کونسل ممبر کی حیثیت سے خدمات انجام دینا اعزاز کی بات ہے۔ ہم ایک مزید منصفانہ اور سرسبز بروکلین کے لیے لڑ رہے ہیں۔ ہم نے موسمی بحران کو حل کرنے، حقیقی طور پر قابل استطاعت رہائش بنانے، بائیک لینز کو توسیع دینے، غیر ضروری ہیلی کاپٹر فلائیٹس کو ختم کرنے اور مزید کے لیے قانون سازی کی ہے۔ میں آپ کے 7/24 مسئلہ حل کرنے والے کے طور پر خدمات انجام دیتے رہنا اور بروکلین کے لیے اور اس سے آگے بھی 33ویں کو ایک ماڈل بنانے کے لیے کام کرنا پسند کروں گا!"***

**موجودہ پیشہ:** سٹی کونسل ممبر

**سابقہ پیشے:** سٹی کی حکومت میں ایک دہائی سے زیادہ مدت تک کام کیا، ایمپلائمنٹ اینڈ ٹریننگ کوآلیشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر NYC

**تعلیم:** براؤن یونیورسٹی

**تنظیمی وابستگیاں:** نیو کنگز ڈیموکریٹس اور کمیونٹی بورڈ 2 کے بورڈز، تلاش کرنے میں مدد کی۔ IMPACCT ،بروکلین پبلک لائبریری

**سابقہ عوامی تجربہ:** مجھے کونسل ممبر کی حیثیت سے خدمات انجام دینے کا اعزاز حاصل ہے۔ میں نے اپنا زیادہ تر کریئر NYC حکومت میں ایک عوامی خادم کے طور پر گزارا ہے۔

**پارٹی میں اندراج:** ڈیموکریٹک



## مارتھا روین
## (Martha Rowen)

ریپبلکن، کنزرویٹو، میڈیکل فریڈم

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. طبی آزادی، والدین کے حقوق کا دفاع کرنا
2. مقامی فیصلوں میں کمیونٹی کی خودمختاری
3. چھوٹے کاروبار کی حفاظت اور مدد کریں

***"میں ایک بیوی، ماں اور دادی اور بروکلن کی طویل مدتی رہائشی ہوں۔ میں کئی سالوں سے کمیونٹی کی سرگرم کارکن رہی ہوں اور حالیہ ترین طور پر لائبریریوں، آزادی تقریر اور معلومات تک رسائی کے لیے لڑتی رہی ہوں۔***

***میں ہمیں ایک صحت مند شہری زندگی پر واپس لانے، منتخب اور غیر منتخب عہدیداران کی طاقتوں کو محدود کر کے حکومتی مداخلت کو روکنے اور ہمارے حقوق کا تحفظ کرنے کے لیے اصلاحات کرنے کے لیے انتخاب لڑ رہی ہوں۔"***

**موجودہ پیشہ:** ایڈجنکٹ اسسٹنٹ پروفیسر، NYU-SPS

**سابقہ پیشے:** ہائی اسکول استاد، بارڈ ہائی اسکول ارلی کالج، ایڈجنکٹ لیکچرر، بروکلن کالج، سٹی کالج، ہنٹر کالج

**تعلیم:** MA, MPhil، کلاسیکل لینگوئجز، CUNY گریجوئیٹ اسکول، کلاسیکل لینگوئجز، سٹی یونیورسٹی آف نیو یارک BA

**تنظیمی وابستگیاں:** میڈیکل فریڈم الائنس, سٹیزنز ڈیفینڈنگ لائبریریز

**سابقہ عوامی تجربہ:** ناقابل اطلاق

**پارٹی میں اندراج:** ریپبلکن

# اپنے بیلٹ کی منصوبہ بندی کریں

**اپنے امیدواروں کا انتخاب مکمل کر لیا ہے؟ اپنی پول سائٹ پر ساتھ لے جانے کے لیے اپنے انتخاب کو محفوظ کریں!**

**یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:**
**urdu.nycvotes.org/plan-your-ballot**

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیئک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: **یعنی** جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں۔ ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

| | **لنکن ریسٹلر (Lincoln Restler)** ✓<br>ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی | **مارتھا روین (Martha Rowen)** ✓<br>ریپبلکن، کنزرویٹو، میڈیکل فریڈم |
|---|---|---|
| **جرائم** | بروکلین کے تمام باشندے محفوظ محسوس کرنے کے مستحق ہیں۔ بندوق کا تشدد اور نفرت انگیز جرائم سنگین مسائل ہیں جنہیں ہمیں اپنی کمیونٹیز کو محفوظ تر بنانے کے لیے ابدافی طریقوں سے حل کرنا چاہیے۔ ہمیں نوجوان بالغوں کے لیے مزید مواقع پیدا کرنے کی ضرورت ہے تاکہ وہ صحیح راستے پر چل سکیں۔ | جرائم بےروزگاری، نشے اور ناامیدی کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔ میں علاقوں کا تحفظ کرنے اور ہمارے سب ویز کو محفوظ رکھنے کے لیے پولیس اور ایک ایسی مقامی معیشت بنانے کے لیے کمیونٹی کے ساتھ قریبی طور پر کام کروں گی، جو ملازمت اور رہنے کے قابل علاقے فراہم کرتی ہوں اور مضبوط اقدار کی حمایت کرتی ہو۔ |
| **افراط زر** | مہنگائی ان کام کاجی لوگوں کے لیے ایک بڑی تشویش ہے جو پہلے ہی نیو یارک شہر میں ارزانی کے بحران سے نبرد آزما ہیں۔ ہمیں یہ یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ اقل اجرت کا ربط مہنگائی سے ہے اور کارکنان کو اسے جاری رکھنے کے لیے گزارے کی لاگت میں ایڈجسٹمنٹ ملتی ہے۔ | 2020 کے بعد سے، وفاق نے اس وقت گردش میں موجود ~80% ڈالرز پرنٹ کیے ہیں، جس کے نتیجے میں دولت اوپر کی جانب ان بڑی کارپوریشنز کو چلی گئی ہے، جو کھلی رہی تھیں، جبکہ نیو یارک کے اسکول، چھوٹے کاروبار، چرچ اور بنیادی خدمات بند رہی تھیں۔ ہمیں اسے دوبارہ واقع ہونے سے روکنا ہو گا۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | جو بھی ہماری جمہوریت کی قدر کرتا ہے اسے بذریعہ ڈاک ووٹ تک رسائی بڑھانے اور نیو یارک کے تمام باشندوں کے حق رائے دہی کے تحفظ میں گہری سرمایہ کاری کرنی چاہیے۔ میں نے بروکلین میں شفافیت، جوابدہی اور دیانتداری کو آگے بڑھانے کے لیے ایک اصلاحی سیاسی تنظیم قائم کرنے میں مدد کی۔ | جمہوریت شہریوں کی شمولیت اور عمل میں بھروسے پر انحصار کرتی ہے۔ کئی نیو یارکرز ووٹ ڈالنے کے بارے میں شکوک رکھتے ہیں، دیگر کو ووٹ ڈالنے میں مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ میں اس بات کو یقینی بنا کر دونوں کو انتخابات کے حصار میں لاؤں گی کہ ہمارے انتخابات کی گنتی درست ہو اور تمام ووٹرز کو آسان رسائی ہو۔ |

# سٹی کونسل ضلع 34

**ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی**

- جینیفر گوٹریز (Jennifer Gutierrez) ✓

**میڈیکل فریڈم**

- مارگیوریٹ چینڈلر (Marguerite Chandler)

✓ یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار NYC کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔ صفحہ 61 پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔



## جینیفر گوٹریز (Jennifer Gutierrez) ✓

ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. آفاقی نگہداشت طفل
2. کرایہ داروں کے تحفظات کو مضبوط اور وسیع کروں گی
3. ماحولیاتی انصاف

***"جینیفر گوٹیریز ایک آرگنائزر، کارکن اور اتحادی ہیں۔ ایک دہائی سے زیادہ عرصے سے، جینیفر خاندانوں کو متاثر کرنے والے مسائل سے نمٹتی رہی ہیں، جن کی وہ اب نمائندگی کرتی ہیں۔ کولمبیا کے تارکین وطن کے ہاں کوئنز میں پیدا اور پرورش پانے والی جینیفر ایک بیڈروم کے اپارٹمنٹ میں پلی بڑھی اور اس نے سرکاری اسکولوں میں تعلیم حاصل کی۔ وہ چھوٹی عمر سے ہی وکیل رہی ہیں جب اس کے والد معذور ہو گئے تھے اور وہ انشورنس کمپنیوں سے لڑ رہی تھیں اور اپنی ماں کے ساتھ ان کی اجرت کی وضاحت اور گفت و شنید کے لیے صفائی کے کام کرتی تھی۔ اپنے عہدے کی مدت کے دوران انہوں نے سستی رہائشوں، اسکولوں اور ڈے کیئرز کو فنڈز فراہم کرنے، براڈ بینڈ ایکویٹی اور رسائی اور سماجی خدمات کے بجٹ میں کٹوتیوں کے خلاف جنگ لڑی ہے، جس کی ہماری کمیونٹیز کو اشد ضرورت ہے۔"***

**موجودہ پیشہ:** کونسل ممبر

**سابقہ پیشہ:** چیف آف اسٹاف

**تعلیم:** البانی یونیورسٹی

**تنظیمی وابستگیاں:** ناقابل اطلاق

**سابقہ عوامی تجربہ:** ناقابل اطلاق

**پارٹی میں اندراج:** ڈیموکریٹک



## مارگیوریٹ چینڈلر (Marguerite Chandle)

میڈیکل فریڈم

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. سینسرشپ، آزادی تقریر
2. میڈیکل فریڈم پارٹی
3. سٹی دیوالیہ ہو رہا ہے

***"میں موجودہ دلچسپی، تاریخ اور معیشت کے کئی معاملات پر ایک خود سیکھی ہوئی اسکالر ہوں۔ ہمیں ایک بارش کی ضرورت ہے، ہر طرف معلومات پھیلانے کی بارش، تاکہ شہری اپنی رائے خود بنا سکیں۔ "نظریے بغیر لوگ ختم ہو جاتے ہیں۔" صرف معلومات کے آزادانہ تبادلے کے ساتھ ترقی اور جدت حاصل کی جا سکتی ہے۔"***

**موجودہ پیشہ:** ریٹائر شدہ

**سابقہ پیشے:** کمہار، مصنف، مشترکہ رہائش کی انتظام کار

**تعلیم:** یونیورسٹی، کوئی ڈگری نہیں۔ .U.C.L.A. U.C سینٹا باربرا، کئی کمیونٹی کالجز اور ریاستی یونیورسٹی کے اسکولز۔ کالج آف میوزک، میرن کاؤنٹی، کیلیفورنیا

**تنظیمی وابستگیاں:** بلاک بش اینٹی وار گروپ، بائیو ریجنل کانگریس کی نمائندہ۔ ہڈسن رور سلوپ سنگر فار کلیئر واٹر۔ سلوپ کلب بیکن NY۔

**سابقہ عوامی تجربہ:** کوئی نہیں

**پارٹی میں اندراج:** ریپبلکن

# امیدواروں کا تقابل کریں

یہ دیکھنے کے لیے کہ امیدوار کا ان مسائل پر کیا موقف ہے جو آپ کے لیے بے حد اہم ہیں، ہمارا آن لائن ووٹر گائیڈ ملاحظہ کریں اور پھر ان کے خیالات کا ساتھ ساتھ موازنہ کریں۔

یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیئک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: یعنی جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں۔ ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

| | جینیفر گوٹریز **(Jennifer Gutierrez)** ✓<br>ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی | مارگیوریٹ چینڈلر **(Marguerite Chandler)**<br>میڈیکل فریڈم |
|---|---|---|
| **جرائم** | ہمیں اپنے بچوں کے ہاتھوں سے بندوقیں لے لینے، اور کمیونٹی کے ان وسائل کے لیے مال کی فراہمی کو بڑھانے کی ضرورت ہے جن کے بارے میں ہمیں معلوم ہے کہ وہ کارگر ہیں: ذہنی صحت اور منشیات کے بیجا استعمال سے متعلق خدمات، باوقار رہائش اور اسکولوں میں تشدد کی روک تھام۔ | ہمیں زندہ انسانوں کی طرح ایک ساتھ مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے، تاکہ اپنے گھروں اور اپنی کمیونٹیوں میں امن کے لیے درست حالات کو یقینی بنایا جا سکے؛ اس میں پارکس اور نوجوانوں کے لیے پروگرام شامل ہیں۔ مسلسل پرتشدد مجرموں کو ان کے مقدمے چلنے تک جیل میں رکھا جانا چاہیے۔ |
| **افراط زر** | ہر دن نیو یارک کے باشندگان کو ہمارے شہر میں دو جون کی روٹیاں جٹانے میں دقتوں کا سامنا ہوتا ہے؛ کرایے کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں اور دودھ اور انڈوں کی قیمت ہمیشہ سے زیادہ ہے۔ فی الحال ہمیں پوری حکومت میں سماجی خدمت میں بھاری سرمایہ کاری پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ہم ان فیملیوں کی مدد کر سکیں جن کی اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ | معاشی مسائل حکومتی پالیسیوں کا نتیجہ ہیں۔ مہنگائی بچت کرنے والے لوگوں کو نقصان پہنچاتی ہے۔ مہنگائی کا رجحان ممکنہ طور پر بھوک کا مسئلہ پیدا کرے گا، ابھی موجود مسئلے سے بھی بڑا۔ میں پرما کلچر کے ذرعی طریقوں کے ذریعے شہر میں خوارک اگانا چاہتی ہوں۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | میں ہمیشہ سے 'میرا شہر میرا ووٹ' کی حمایتی رہی ہوں، اور میرا ماننا ہے کہ نیو یارک کے ہر باشندہ کو، امیگریشن کی ان کی حالت سے قطع نظر، ہماری سٹی میں اپنا ووٹ ڈالنے کے قابل ہونا چاہیے۔ میں ریاست سے اسی دن ووٹر رجسٹریشن کو نافذ کرنے کے لیے اپنا مطالبہ بھی جاری رکھوں گی۔ | ووٹ بہت اہم ہے۔ کئی لوگوں نے ووٹ کے حصول کے لیے اپنی جانیں دی ہیں۔ یہ بہت قیمتی ہے۔ جب ایسے بیلٹس گنے جاتے ہیں جو "لاوارث" ہوتے ہیں، تو ناقص ووٹرز والا ایک نتیجہ سامنے آتا ہے؛ یہ ووٹ چرا لیتا ہے، شہریوں کے ووٹس کو کم کر دیتا ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ صرف امریکی شہریوں کو ووٹ دینے کے قابل ہونا چاہیے |

# سٹی کونسل ضلع 35

**ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی**

- کرسٹل ہڈسن (Crystal Hudson) ✓

✓ یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار **NYC** کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔ **صفحہ 61** پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔

---



## کرسٹل ہڈسن (Crystal Hudson) ✓

ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. انکم ٹارگٹڈ اور معاون رہائش
2. عمر دراز بالغان (بزرگان)
3. عوام کی حفاظت اور بندوق کا تشدد

***"میں تیسری نسل کا ایک بروکلنائیٹ اور پہلی نسل کا امریکی ہوں اور فخر کے ساتھ سٹی کونسل کی عمر رسیدگی کی کمیٹی کے شیئر کے طور پر خدمات انجام دے رہی ہوں۔ میں اپنی مرحوم والدہ کی نگہداشت کرنے کے بعد عوامی خدمت میں آ گئے، جنہیں الزائمر ڈیزیز تھی۔ میں جانتی ہوں کہ کسی بھی شخص کو اتنی مشکل سے نہیں گزرنا چاہیے، جس سے میرا خاندان اپنے پیاروں کا خیال رکھنے اور گھر پر بحفاظت اور باوقار طریقے سے ان کی عمر بڑھنے کو یقینی بنانے کے لیے گزرا۔ میں 2023 میں دوبارہ انتخاب لڑنے کے موقعے کے لیے پرجوش ہوں اور ہمیشہ ایک ایسی مہم چلاؤں گی، جو محبت، ایمانداری اور دیانتداری پر مرکوز ہو۔"***

**موجودہ پیشہ:** کونسل ممبر

**سابقہ پیشہ:** اسپورٹس مارکیٹنگ

**تعلیم:** اسپیل مین کالج؛ جارج واشنگٹن یونیورسٹی

**تنظیمی وابستگیاں:** لیمبڈا انڈیپنڈنٹ ڈیموکریٹس آف بروکلین (LID)؛ NAACP ورکنگ فیملیز پارٹی؛

**سابقہ عوامی تجربہ:** نیو یارک سٹی کونسل اور دفتر NYC پبلک ایڈووکیٹ جومین ولّیمز

**پارٹی میں اندراج:** ڈیموکریٹک

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیئک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: یعنی جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں۔ ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

## کرسٹل ہڈسن (Crystal Hudson) ✓

ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی

| | |
|---|---|
| **جرائم** | کمیونٹیز اچھی طرح جانتی ہیں کہ انہیں کیا چیز محفوظ رکھتی ہے۔ ہمیں کمیونٹی پر مبنی تشدد سے روک تھام کے پروگراموں، جیسے کیور وائلنس کی حمایت کرنے کے لیے شہر کے وسائل کو منتقل کرنے، ذہنی صحت سے متعلق کالز پر شریک اثر پذیر ٹیمیں بھیجنے، اور انصاف میں شامل نوجوانوں کے لیے مضبوط پروگرامنگ فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ |
| **افراط زر** | ہمیں فوڈ بینکوں اور پینٹریوں کے لیے تعاون بڑھا کر، چھوٹ کے ذریعے پراپرٹی ٹیکس میں ریلیف فراہم کر کے، گزارے کی اجرت میں تعاون کر کے، اور انتہائی سستی، آمدنی کے ہدف والی رہائش کی تعمیر میں مدد کر کے جو مقامی کمیونٹیز کی ضروریات کو پورا کرتے ہوں، بڑھتے ہوئے اخراجات کو حل کرنا ضروری ہے۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | ہمیں یہ یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ آخر کار اسی دن رجسٹریشن اور بلا عذر غیر حاضر ووٹنگ کے قوانین پاس کر کے، گرین کارڈ ہولڈرز کو بلدیاتی انتخابات میں ووٹ ڈالنے کی اجازت دے کر، اور انتخابات بورڈ میں اصلاحات کر کے نیو یارک کے تمام باشندوں کو ووٹ ڈالنے اور اپنی بات رکھنے کا موقع ملے۔ |

## امیدوار کی ویڈیوز دیکھیں

**امیدواروں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہمارا آن لائن ووٹر گائیڈ ملاحظہ کریں! اپنے بیلٹ پر امیدواروں کو تلاش کرنے کے لیے اپنا پتہ درج کریں اور پھر امیدواروں کی ویڈیوز دیکھنے کے لیے ان کے پروفائلز پر جائیں۔**

**یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:**
**urdu.nycvotes.org/candidates**

# سٹی کونسل ضلع 36

**ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی**

- چی اے اوسی (Chi A Ossé)

یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار NYC کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔ صفحہ 61 پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔



## چی اے اوسی (Chi A Ossé)

ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. قابل استطاعت رہائش
2. صفائی ستھرائی اور چوہے!
3. عوام کی حفاظت

***"چی اوسی نیو یارک سٹی کے 36ویں ضلع کے لیے کونسل ممبر ہیں اور بیڈفورڈ-سٹوئیویسانٹ اور نارتھ کرواؤن ہائیٹس کی نمائندگی کرتی ہیں۔ وہ ایک تنظیم کار اور بلیک لائیوز میٹر میں ایک نمایاں شخصیت کے طور پر سیاست میں شامل ہوئیں۔ 23 سال کی عمر میں، اوسی 2021 میں اس کونسل کی کم عمر ترین رکن کے طور پر منتخب ہوئیں اور اس کی جین زی سے تعلق رکھنے والی واحد رکن ہیں۔***

***اوسی ہماری کمیونٹی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے پرعزم ہیں، بشمول اپنے علاقوں کی صاف ستھرائی کو بہتر بنانا، عوام کی حفاظت کا تصور نو، محفوظ اور قابل استطاعت رہائش بنانا اور بچانا، مقامی معیشت کی ترقی کو فروغ دینا اور اپنے اسکولوں کو مضبوط بنانا۔"***

**موجودہ پیشہ:** سٹی کونسل ممبر

**سابقہ پیشہ:** فری لانس کریئیٹو

**تعلیم:** فرینڈز اسکول، چیمین یونیورسٹی (حاضری ہوئی)

**تنظیمی وابستگیاں:** کوئی نہیں

**سابقہ عوامی تجربہ:** کمیونٹی کے سرگرم کارکن

**پارٹی میں اندراج:** ڈیموکریٹک

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیئک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: یعنی جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں۔ ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

## چی اے اوسی
## (Chi A Ossé)

ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی

| | |
|---|---|
| **جرائم** | ہمارے شہر میں جرائم کو کم کرنے کے لیے، ہمیں غربت کے خاتمے کے حل پر کام کرتے ہوئے تدارکی اقدامات کرنے - جیسے کہ سستی رہائش، معاشی ترقی، تعلیم تک رسائی میں اضافہ، اور تشدد کے علاج کے پروگراموں کو فنڈ دینے کی ضرورت ہے۔ |
| **افراط زر** | یوں تو مہنگائی ایک وفاقی مسئلہ ہے، مگر میں ہمیشہ مقامی دولت کی مساوات کا حامی رہا ہوں - یعنی یہ یقینی بنانا کہ نیو یارک کے امیر ترین شہری اپنا منصفانہ حصہ ادا کریں۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | NYC جیسے نیلے شہر میں 6 جنوری کے واقعات ناممکن نظر آتے ہیں، لیکن ہمارے ہاں اب بھی خوف اور غلط معلومات موجود ہیں۔ ہم اپنے سرکاری اسکولوں میں تمدنی پروگراموں کو فنڈ دے کر اور ووٹروں کی اگلی نسل کو توانا بنا کر اور مشغول کر کے اس کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔ |

**nyc votes**
**کو فالو کریں**

**آپ تمام تازہ ترین انتخابی اپ ڈیٹس کے لیے NYC Votes کو فالو کر سکتے ہیں!**

**@nycvotes**

# سٹی کونسل ضلع 37

**ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی**

- سینڈی نرس (Sandy Nurse)

**ریپبلکن، کنزرویٹو، میڈیکل فریڈم**

- آئیسایا اورلانڈو ویگا (Isaiah Orlando Vega)

یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار NYC کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔ صفحہ 61 پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔

---



## سینڈی نرس (Sandy Nurse)

ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. قابل استطاعت رہائش اور گھریلو مالکان کا تحفظ
2. عوام کی حفاظت
3. قابل استحکام معاشی بڑھوتری

***"مجھے اپنے پیچھے زمینی سطح کے اتحاد کی طرف سے اعزاز حاصل ہے، جس میں ادارہ جاتی ترقی پسند تنظیمیں، یونینز، شناخت پر مبنی گروپس، عمائدین، اور 37ویں ضلع کے کام کاجی افراد اور فیملیز شامل ہیں۔ میری بنیادی اقدار عزت، وقار اور اجتماعی عزم ہیں۔ میں نیو یارک کے تمام باشندوں کے لیے بنیادی انسانی تحفظ کو فروغ دینے اور محروم افراد کے لیے وقار کو فعال کرنے کے لیے کام کرتی ہوں"***

کونسل **موجودہ پیشہ:** سٹی

**سابقہ پیشے:** بانی، BK ROT؛ شریک بانی، مے ڈے اسپیس؛ کارپنٹر انسٹرکٹر، فارم اسکول

**تعلیم:** نیو اسکول یونیورسٹی - MA پروگرام: کنفلکٹ اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز؛ ڈبل میجر پولٹیکل سائنس، کمیونیکیشنز :BA - ایمینوئل کالج

**تنظیمی وابستگیاں:** مے ڈے اسپیس، BK ROT، ورکنگ فیملیز پارٹی، NY نیو کنگز ڈیموکریٹس، لوکل پروگریس

**سابقہ عوامی تجربہ:** سٹی کونسل

**پارٹی میں اندراج:** ڈیموکریٹک



## آئیسایا اورلانڈو ویگا (Isaiah Orlando Vega)

ریپبلکن، کنزرویٹو، میڈیکل فریڈم

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. عوام کی حفاظت کو بحال کرنا
2. مستقبل میں حکومت کی جانب سے مینڈیٹ کو روکنا
3. اپنی کمیونٹیوں اور سڑکوں کو صاف کرنا

***"ہمارا شہر تباہ ہو رہا ہے اور اب رکنے کا وقت آ گیا ہے۔ میں نے پچھلے کچھ سالوں میں اپنے شہر کی تنزلی دیکھی ہے اور آخر کار فیصلہ کر لیا ہے کہ اب بہت ہو گیا۔ یہ وہ شہر نہیں ہے، جہاں میری والدہ ہجرت کر کے آئی تھیں یا جہاں میں پلا بڑھا۔***

***جو ایک قلیل مدتی امن اور خوشحالی تھی، وہ اب ایک آمریت پسند حکومت کی قیادت میں مجرموں کے لیے انتشار کی ایک جنت ہے، جو مڈل کلاس کو ختم کرنے پر مُصر ہے۔ میں کہتا ہوں اب بس۔ میں اس وقت تک سکون سے نہیں بیٹھ سکتا، جب تک ہم اپنے شہر کو واپس لے کر بحال نہ کر لیں۔"***

**موجودہ پیشہ:** موجودہ طور پر ملازم نہیں

**سابقہ پیشے:** مہم منیجر، کیمپ کونسلر، اسکول ورکر، ریٹیل ورکر

**تعلیم:** BA ہسٹری - CUNY یارک کالج

**تنظیمی وابستگیاں:** ناقابل اطلاق

**سابقہ عوامی تجربہ:** ناقابل اطلاق

**پارٹی میں اندراج:** ریپبلکن

# الیکشن کے الرٹس حاصل کریں

بذریعہ ٹیکسٹ یا ای میل انتخاب الرٹس کے لیے سائن اپ کریں! اہم حتمی تاریخوں اور ووٹ کب دینا ہے، کی تازہ ترین معلومات حاصل کریں۔

یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:
**nycvotes.org/stay-informed**

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیئک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: یعنی جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں۔ ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

| | سینڈی نرس **(Sandy Nurse)** ✓<br>ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی | آئیسایا اورلانڈو ویگا **(Isaiah Orlando Vega)** ✓<br>ریپبلکن، کنزرویٹو، میڈیکل فریڈم |
|---|---|---|
| **جرائم** | ہماری کمیونٹی میں نقصان کئی طریقوں سے ہوتا ہے: عمل کی چوری، غیر قانونی بے دخلی، گھریلو تشدد، عوامی پروگراموں میں کٹوتی وغیرہ۔ میں ایسے پروگراموں میں سرمایہ کاری کرتی ہوں اور ان کی حمایت کرتی ہوں جو کمیونٹی میں تشدد کی جڑ میں وجوہات کو حل کرتے ہوں، مثلاً نوجوانوں کی سرگرمیاں، خاندانوں کے لیے خدمات اور قابل استطاعت رہائش۔ | ہر شخص جانتا ہے، ہر شخص محسوس کرتا ہے - جرائم بڑھ چکے ہیں۔ سٹی کونسل ممبر کے طور پر، میں اپنی پولیس کی حمایت کروں گا اور اس پراگریسو نظریے کے خلاف کھڑا ہوں گا، جس نے مجرموں کے حق میں یہ ماحول پیدا کیا ہے۔ |
| **افراط زر** | مہنگائی ہمارے کام کاجی طبقہ کے پڑوسیوں کو نقصان پہنچاتی ہے اور بہت سی کارپوریشنیں ہمیں مہنگی کر رہی ہیں۔ ہمیں اعلی تر اقل کم اجرت کی، جو مہنگائی سے جڑی ہوئی ہو، اور عوامی اعانت جیسے SNAP اور ہاؤسنگ واؤچرز میں مزید سرمایہ کاری کی ضرورت ہے تاکہ کام کاجی فیملیز کو بے گھری اور غربت کا سامنا کرنے سے بچایا جا سکے۔ | مہنگائی 3-4 سالوں کی نسبت زیادہ ہو چکی ہے اور وہ معاشی خوشحالی، جو ہمیں ایک وقت پر نظر آتی تھی، اب جا چکی ہے۔ ہمیں 10 سالہ لیزز فراہم کر کے اور مڈل کلاس کو کم ٹیکسز کے ساتھ حیات نو دے کر اپنے چھوٹے کاروباروں کو بچانا ہو گا۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | میں اپنے ملک میں فاشزم کے عروج اور یہاں NYC میں فاشسٹ نفرت انگیز گروپوں کے عروج سے بہت زیادہ پریشان ہوں۔ میں تمدنی جمہوری عمل میں اپنی کوشش کی حد تک زیادہ سے زیادہ لوگوں کو مشغول کر رہی ہوں۔ ہم اب اتنے زیادہ غیر مشغول نیو یارک کے باشندوں کو رکھنے کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ | جمہوریت کا تحفظ کرنے کا مطلب ہے کہ ہم اپنے جمہوری حقوق کا تحفظ کریں۔ زبردستیوں کے بغیر اور ان کی تابعداری کرنے سے انکار کرنے پر روزگار کھو جانے کے خطرے کے بغیر آزادی سے رہنے کے قابل ہونا۔ ہم مذہبی استثناء اور زبردستیوں پر نوکریاں کھو دینے والوں کو نوکریاں بحال کر کے جمہوریت کا تحفظ کر سکتے ہیں۔ |

# سٹی کونسل ضلع 38

**ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی**

- الیگزا اویلز (Alexa Aviles) ✓

**ریپبلکن، کنزرویٹو**

- پال اے روڈریگوئیز (Paul A Rodriguez) ✓

✓ یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار NYC کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔
صفحہ 61 پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔

---



## الیگزا اویلز (Alexa Aviles) ✓

ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. سرکاری اسکولوں کی پوری طرح سے فنڈنگ کرنا۔
2. سبھی کے لیے رہائش کی ضمانت دینا۔
3. فرد پر مرتکز بجٹ رو بہ عمل لانا۔

***"میں ایک پرفخر بوریکوا، تعلیمی تنظیم کار، ماں اور اپنی کمیونٹی کے لیے خدمے کے جذبے سے متحرک ایک ڈیموکریٹک سوشلسٹ ہوں۔"***

**موجودہ پیشہ:** سٹی کونسل ممبر برائے ضلع 38

**سابقہ پیشے:** میں نے اپنی زندگی انسانی ہمدردی اور غیر منافع بخش کام کے شعبوں میں کام کرتے ہوئے سماجی انصاف کے لیے وقف کی ہے۔ میں سب سے پہلے اور سب سے اہم طور پر ایک کمیونٹی ممبر اور اس کمیونٹی میں پیرنٹ آرگنائزر ہوں۔

**تعلیم:** پبلک ایڈمنسٹریشن میں ماسٹرز، براؤچ اسکول آف پبلک افیئرز؛ بیچلرز آف آرٹس، کولمبیا کالج آف کولمبیا یونیورسٹی

**تنظیمی وابستگیاں:** میو ڈیموکریٹک سوشلسٹس آف امیریکا کے نیو یارک سٹی چیپٹر کی رکن ہوں۔

**سابقہ عوامی تجربہ:** 2021 میں سٹی کونسل ممبر بننے سے پہلے، میں نے بروکلن کمیونٹی بورڈ 7 کی رکن، MS 88 اسکول لیڈرشپ ٹیم میں والدین کی نمائندی، PS 172 کی PTA صدر اور NYC یوتھ بورڈ کی چیئر کے طور پر خدمات انجام دیں۔

**پارٹی میں اندراج:** ڈیموکریٹک



## پال اے روڈریگوئیز (Paul A Rodriguez)

ریپبلکن، کنزرویٹو

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. محلوں کو پھر سے محفوظ بنائیں
2. تعلیم یانتخاب اور مواقع کو توسیع دیں
3. چھوٹے کاروباروں کے لیے امداد فراہم کریں

***"میں سٹی کونسل کے لیے انتخاب لڑ رہا ہوں کیونکہ ہمارا شہر تباہ ہو رہا ہے۔ جرائم بڑھ رہے ہیں، بےگھری علاقوں کو تباہ کر رہی ہے، اسکول ہمارے طلباء کو ناکام کر رہے ہیں اور ہمارے معیار زندگی خراب ہو رہے ہیں۔ ہمیں ایسے نئے لوگوں کو منتخب کرنا ہو گا، جو اس رجحان کو الٹنے کے لیے پرعزم ہوں۔"***

**موجودہ پیشہ:** غیر منافع بخش تعمیرات کا پیشہ ور

**سابقہ پیشے:** بینکر؛ اسٹاک اور کریڈٹ کا تجزیہ کار؛ مالی مشیر

**تعلیم:** اکنامکس اور گلوبل پالیسی اسٹڈیز میں BA، یونیورسٹی آف جارجیا؛ اکنامکس میں فیلو شپ، سٹینفورڈ

**تنظیمی وابستگیاں:** NYS وائس چیئر، ریپبلکن نیشنل ہسپینک اسمبلی؛ سابقہ بورڈ ممبر، بروکلن (کنگز کاؤنٹی) ہسپینک چیمبر آف کامرس؛ سابقہ تربیت کار، چلڈرنز ایڈ

**سابقہ عوامی تجربہ:** امیدوار, NYS کمپٹرولر (2022)؛ امیدوار, NYC کمپٹرولر (2021)؛ امیدوار، US ہاؤس آف ریپریزینٹیٹوز (2004) NY12-؛ صدر، NY ینگ ریپبلکن کلب

**پارٹی میں اندراج:** ریپبلکن

# اپنے بیلٹ کی منصوبہ بندی کریں

**اپنے امیدواروں کا انتخاب مکمل کر لیا ہے؟ اپنی پول سائٹ پر ساتھ لے جانے کے لیے اپنے انتخاب کو محفوظ کریں!**

**یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:**
**urdu.nycvotes.org/plan-your-ballot**

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیئک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: یعنی جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں۔ ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

| | **الیگزا اویلز (Alexa Aviles)** ✓<br>ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی | **پال اے روڈریگوئیز (Paul A Rodriguez)** ✓<br>ریپبلکن، کنزرویٹو |
|---|---|---|
| **جرائم** | ہمیں جرم کا سبب بننے والے حالات، جیسے غربت اور بے روزگاری کو کم کرنے میں سرمایہ لگانا ضروری ہے۔ ہم سماجی کارکنان، معلمین، اور نگہداشت فراہم کنندگان کا کام کرنے کے لیے پولیس اور جیلوں کا استعمال کرتے ہیں۔ ہمیں شہادت پر مبنی پروگرام کی ضرورت ہے جو لوگوں کو مستحکم بنائے اور انہیں درکار چیزیں انہیں مہیا کرے۔ | عوام کی حفاظت سماجی اور معاشی خوشحالی کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ میں گمراہ پالیسیوں کو الٹنے کے لیے لڑوں گا، جیسے کہ بلا نقد ضمانت اور پولیس کے فنڈز کو کم کرنا۔ اس کی بجائے، ہمیں ان پالیسیوں کی جانب لوٹنا ہو گا، جو پولیس کی معاونت کرتی ہیں اور مجرموں کو جیل میں ڈالتی اور رکھتی ہیں۔ |
| **افراط زر** | یوں تو کریانہ سامان کی قیمت اور کرایہ حالیہ سالوں میں بہت تیزی سے بڑھا ہے، مگر بڑے کاروباوں کو مسلسل بے مثال سطح پر فائدہ ہوا ہے۔ ہمیں کارپوریٹ کی لالچ میں راج کرنے اور بہتر اجرتوں اور فوائد کا اہتمام کرنے والی جائے کار کا تعاون کرنے کی ضرورت ہے۔ | دہائیوں میں سب سے زیادہ مہنگائی نے خوراک سے لے کر کاغذ سے لے کر تعمیراتی اشیاء تک ہر چیز کا خرچ بڑھا دیا ہے۔ اور تنخواہوں اور اجرتیں اس اضافے کے ساتھ نہیں بڑھیں، جس نے ہمارے زندہ رہنے کے خرچ کو بڑھا دیا ہے۔ زیادہ ٹیکس اور سود کی شرح حل نہیں ہے، صرف عوام کی خرچ کی وقت کم ہوتی ہے۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | ہمیں مقامی تمدنی مشغولیت کے بنیادی ڈھانچے کو مستحکم بنانے کے لیے فنڈنگ بڑھانے کی ضرورت ہے جو پورے سال عوامی تعلیم، آگہی اور فعالیت میں مشغول ہوگی۔ اس میں معیاری پول کارکنان کو تربیت دینے اور انہیں برقرار رکھنے کے وسائل فراہم کرنا شامل ہے۔ | کئی پراگریسو سمجھتے ہیں کہ آپ کو جمہوریت کے تحفظ کے لیے آزادی تقریر اور آئین کو کمزور کرنا ضروری ہے۔ وہ غلط ہیں۔ صرف خیالات کے آزاد اور کھلے تبادلے کے ساتھ، بےشک وہ جتنے بھی قابل اعتراض یا مسئلے والے نظر آئیں، جمہوریت آمریت سے بچ سکتی ہے۔ |

# سٹی کونسل ضلع 39

**ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی**

- شاہانہ کے حنیف (Shahana K Hanif)

**ریپبلکن، کنزرویٹو، میڈیکل فریڈم**

- آرکاڈیوسز ٹی ٹومازیوسکی (Arkadiusz T Tomaszewski)

یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار **NYC** کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔ صفحہ 61 پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔

---



## شاہانہ کے حنیف (Shahana K Hanif)

ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. ہمارے سرکاری اسکولوں کو پورا فنڈ
2. راہگیر اور سائیکل سوار کا سڑک پر تحفظ
3. ذہنی صحت خدمات کی توسیع کرنا

***"میں ورکنگ فیملیز پارٹی کی تائید یافتہ امیدوار ہوں۔ دفتر میں آنے کے بعد سے، میں امیگریشن کمیٹی کی چیئر اور پراگریسو کاکس کی مشترکہ چیئر کے طور پر خدمات انجام دیتی آ رہی ہوں۔ روء ورسز ویڈ کے الٹنے کے بعد کے دنوں میں، میری ٹیم اور میں نے اسقاط حمل کے عمل ہائے درآمد اور عملی معاونت کے لیے فنڈنگ کی مد میں $1 ملین حاصل کیے۔ سیہ ایک میونسپلٹی کی جانب سے کی جانے والے سب سے بڑی سرمایہ کاری ہے۔ میں نے غیر دستاویز بند خاندانوں کے بچوں کی نگہداشت کے لیے $10 ملین بھی فراہم کیے۔ میرا دفتر اور میں ضلع میں متنوع مسائل اور کمیونٹیوں کے لیے موجود اور جوابدہ ہیں۔"***

**موجودہ پیشہ:** امیدوار

**سابقہ پیشے:** کونسل ممبر بریڈ لینڈر کے دفتر میں آرگنائزنگ اور کمیونٹی شمولیت کی ڈائریکٹر

**تعلیم:** CUNY بروکلین کالج

**تنظیمی وابستگیاں:** ورکنگ فیملیز پارٹی، سن رائز NYC

**سابقہ عوامی تجربہ:** سابق کمیونٹی بورڈ 12 کی ممبر

**پارٹی میں اندراج:** ڈیموکریٹک



## آرکاڈیوسز ٹی ٹومازیوسکی (Arkadiusz T Tomaszewski)

ریپبلکن، کنزرویٹو، میڈیکل فریڈم

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. اپنے آئینی حقوق کا تحفظ
2. طبی فیصلوں کی آزادی کو یقینی بنانا
3. جرائم کو کم کرنے میں NYPD کی معاونت کرنا

***"میں ایک سرگرم شخص اور تنظیم کار کے طور پر 30 سال سے زائد عرصے سے بروکلن کا رہائشی رہا ہوں۔ اب وقت آ گیا ہے کہ تمام افراد سیاسی طور پر شامل ہوں؛ میں عوام کی بہتری، اپنے حقوق کے دفاع اور قیادت فراہم کرنے کے لیے حقیقی تبدیلی لانا چاہتا ہوں - اور میں جانتا ہوں کہ واپس لڑنے کے لیے لوگوں کو کیسے بااختیار بنانا ہے۔"***

**موجودہ پیشہ:** ریٹائرشدہ

**سابقہ پیشہ:** بڑھئی

**تعلیم:** مکینک ڈپلوما (پولینڈ)

**تنظیمی وابستگیاں:** نیشنل موبیلائیزیشن اگینسٹ سویٹ شاپس؛ میڈیکل فریڈم الائنس

**سابقہ عوامی تجربہ:** ناقابل اطلاق

**پارٹی میں اندراج:** ریپبلکن

# امیدواروں کا تقابل کریں

یہ دیکھنے کے لیے کہ امیدوار کا ان مسائل پر کیا موقف ہے جو آپ کے لیے بے حد اہم ہیں، ہمارا آن لائن ووٹر گائیڈ ملاحظہ کریں اور پھر ان کے خیالات کا ساتھ ساتھ موازنہ کریں۔

یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیئک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: یعنی جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں۔ ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

| | شاہانہ کے حنیف (Shahana K Hanif) ✓<br>ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی | آرکاڈیوسز ٹی ٹومازیوسکی (Arkadiusz T) (Tomaszewski) ✓<br>ریپبلکن، کنزرویٹو، میڈیکل فریڈم |
|---|---|---|
| **جرائم** | میں ایسے ٹولز کی مد سے عوام کی حفاظت کو حل کرنے کی پابند عہد ہو جو محض تحفظ کی ظاہری ہیئت عطا کرنے سے زیادہ کام کرتا ہے۔ ہمیں بندوقوں سے تشدد کو حل کرنے کے لیے کمیونٹی پر مرکوز حل درکار ہیں۔ ہمیں جرائم کی بنیادی وجوہات کو حل کرنے کے لیے اپنی رہائشوں، نگہداشت صحت اور تعلیم میں حقیقی سرمایہ کاریوں کی بھی ضرورت ہے۔ | جرائم کم کرنے کے لیے، مِں ہمارے ہسائیوں کی چھوٹے کاوربار بنانے اور نوکریاں حاصل کرنے میں مدد کرنے پر توجہ مرکوز کروں گا، تاکہ تمام افراد کو بامعنی اور پراطمینان کام تک رسائی ہو۔ |
| **افراط زر** | کام کرنے والے خاندان، کام کرنے والے طبقے کے لوگ مہنگائی اور کفایت شعاری والے بجٹس کی وجہ سے باہر نکلنے پر مجبور ہو رہے ہیں میں سخت سماجی خدمات، سستی رہائش، اور ہمارے سرکاری اسکولوں اور CUNY کے لیے پوری فنڈنگ مستحکم بنانے کے لیے لڑ رہی ہوں۔ میں وقار سے جڑے شہر کی فراہمی کے لیے پرعزم ہوں۔ | ابتدائی 2020 کے بعد سے، وفاقی ریزرو نے ہزاروں ارب ڈالرز پرنٹ کیے ہیں، جس نے ہماری کرنسی کی قیمت کم کر دی ہے، جبکہ NYC میں چھوٹے کاروبار بند تھے۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | جمہوریت کا تحفظ کرنے کے لیے حکومت کو مزید شفاف بنانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ میں شراکت دار بجٹ (PB) کی قیادت کرتی ہوں جو عوامی فنڈز پر طاقت کو جمہوری بناتا ہے، اور اس کے نتیجے میں ہمارے اسکولوں، گلیوں اور پارکوں میں تنقیدی اور تخلیقی سرمایہ کاری ہوئی ہے جس کا تصور لوگوں نے کیا ہے اور جس پر لوگوں نے ووٹ دیا ہے۔ | آئین کے تحفظ کے بغیر ہمارے پاس جمہوریت نہیں رہ سکتی۔ |

# امیدوار کی دیکھیں ویڈیوز

امیدواروں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہمارا آن لائن ووٹر گائیڈ ملاحظہ کریں! اپنے بیلٹ پر امیدواروں کو تلاش کرنے کے لیے اپنا پتہ درج کریں اور پھر امیدواروں کی ویڈیوز دیکھنے کے لیے ان کے پروفائلز پر جائیں۔

یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:
**urdu.nycvotes.org/candidates**

# سٹی کونسل ضلع 40

**ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی**

- ریٹا سی جوزف (Rita C Joseph) ✓

**میڈیکل فریڈم**

- ڈینیئل بی لیلی (Daniel B Lally)*

✓ یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار **NYC** کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔ صفحہ 61 پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔

* اس پرنٹ شدہ ووٹر گائیڈ میں شامل کرنے کے لیے امیدوار نے وقت پر اپنی مکمل شدہ پروفائل جمع نہیں کرائی۔

---



## ریٹا سی جوزف (Rita C Joseph) ✓

ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. سرکاری تعلیم کو پور افنڈ
2. عوام کی حفاظت کے سلسلے میں جوابدہی بڑھائیں
3. اسٹریٹ اور ڈسرکٹ پیما صفائی بڑھائیں

***"دفتر میں صرف 2 سالوں میں، میں لائبریریوں، ٹیکنالوجی اور اسکول کے بعد کے پروگراموں میں بہتریوں کے ذریعے اپنے عوامی اسکولوں کے لیے فنڈنگ بڑھانے کے قابل رہی ہوں۔ میرا دفتر بزرگ افراد کے لیے کمیونٹی پروگراموں کو بڑھانے، چھوٹے کاروباروں کا تحفظ کرنے کے لیے اقدامات منظور کرنے اور زیادہ ماحول دوست جگہوں میں سرمایہ کاری کرنے کے قابل بھی رہا ہے۔ ایک ماں کے طور پر، زچگی کی نگہداشت میں ہماری سرمایہ کاریاں بھی میرے لیے بہت اہم رہی ہیں۔ میں ہماری پیش رفت سے بہت پرجوش ہوں اور کام جاری رکھنے کے لیے پرامید ہوں۔"***

**موجودہ پیشہ:** نیو یارک سٹی کونسل ممبر

**سابقہ پیشہ:** معلم، PS6 بروکلین

**تعلیم:** بیچلر آف سائنس - سینٹ فرانسس کالج ڈوئل ماسٹر بہ عمومی اور خصوصی تعلیم - ٹؤرو کالج

**تنظیمی وابستگیاں:** UFT

**سابقہ عوامی تجربہ:** میں نے نیبر ہڈ ایڈوائزری بورڈ کے سربراہ کے بطور خدمت انجام دی۔ میں نے شہر پیما شراکت دار بجٹ سازی کمیٹی میں خدمت انجام دی۔

**پارٹی میں اندراج:** ڈیموکریٹک

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیئک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: یعنی جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں۔ ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

| | ریٹا سی جوزف (Rita C Joseph) ✓<br>ڈیموکریٹک، ورکنگ فیملی | ڈینیئیل بی لیلی (Daniel B Lally)*<br>میڈیکل فریڈم |
|---|---|---|
| **جرائم** | NYC میں جرائم سے نمٹنے کے لیے ہمیں ایک جامع نقطہ نظر درکار ہے۔ کمیونٹی پولیس کاری کو وسعت دینے اور NYPD کو جوابدہ قرار دینے کے علاوہ، ہمیں مسائل کو حل کرنے کے لیے نئے متبادل اور خفتہ مسائل - تعلیم، ملازمتیں، ذہنی صحت، وغیرہ کو حل کرنے کے لیے کمیونٹی پروگراموں کی ضرورت ہے۔ | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ |
| **افراط زر** | میرا ارادہ ریاستی اور وفاقی حکومتوں میں اپنے رفقائے کار کے ساتھ کام کرنے کا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ جہاں بھی ممکن ہو ہم امداد فراہم کر رہے ہیں تاکہ کام کاجی فیملیز روزمرہ کی زندگی - جیسے کریانہ سامان، رہائش، نقل و حمل کا بوجھ بہتر طور پر اٹھا سکیں۔ | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | ہماری جمہوریت اس پورے ملک میں ریپبلکنز کی جانب سے حملوں کی زد میں ہے۔ نیو یارک کو نیو یارک کے تمام باشندوں کے لیے ووٹنگ کے حقوق کی توسیع اور تحفظ کے ذریعے جمہوریت کے لیے ایک مینارہ نور کے طور پر کھڑا ہونا چاہیے۔ ہمیں قبل از وقت ووٹنگ، غیر حاضر ووٹنگ، اسی دن رجسٹریشن، وغیرہ کو بڑھانا چاہیے۔ | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ |

# سٹی کونسل ضلع 41

**ڈیموکریٹک**

- ڈارلین میلے (Darlene Mealy) ✓

✓ یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار **NYC** کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔ صفحہ 61 پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔



## ڈارلین میلے (Darlene Mealy) ✓

ڈیموکریٹک

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. غذائی عدم تحفظ
2. جرائم
3. سستی رہائشیں اور چھوٹے کاروبار

***"میرے پاس 12 سال سے زیادہ کا سرکاری دفتری تجربہ موجود ہے جس کے نتائج 41ویں کونسل ضلع کے نوجوانوں، بالغوں اور بزرگوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلیوں پر نمایاں طور پر دیکھے جا سکتے ہیں۔"***

**موجودہ پیشہ:** کونسل ممبر

**سابقہ پیشے:** نیویارک سٹی ٹرانزٹ اتھارٹی DC 37

**تعلیم:** جارج ڈبلیو ونگیٹ، ہائی اسکول، بورو آف مینہٹن کمیونٹی کالج، کارنیل یونیورسٹی

**تنظیمی وابستگیاں:** بروکلین ڈیموکریٹک پارٹی ایگزیکٹو کمیٹی، نیو گراس روٹس ڈیموکریٹک کلب

**سابقہ عوامی تجربہ:** نیو یارک سٹی کونسل ممبر 41واں ضلع، 3 مدتیں، نیویارک سٹیٹ کمیٹی وومین اور خاتون ڈسٹرکٹ لیڈر، 55واں اسمبلی ڈسٹرکٹ

**پارٹی میں اندراج:** ڈیموکریٹک

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیئک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: یعنی جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں۔ ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

## ڈارلین میلے (Darlene Mealy)

ڈیموکریٹک

| | |
|---|---|
| **جرائم** | میلی (Mealy) لوگوں کے لیے ساتھ مل کر کام کرے گی اور بحران کے انتظام کی تنظیموں، ذہنی صحت کے اقدامات اور باز آباد کاری کے پروگراموں کی حمایت کرے گی تاکہ 41stکونسل ضلع میں جرم کی سطح کو ہمیشہ سے کم کرنے میں مدد حاصل ہو۔ |
| **افراط زر** | عالمی وباء کی وجہ سے افراط زر کی شرح اب تک کی سب سے اونچی سطح پر ہے۔ میں قرض کی حد کم کرنے کے لیے ساتھ مل کر کام کروں گی اور سٹی اور وفاقی حکومت کے ذریعہ فراہم کردہ اقدامات کی حمایت کروں گی۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | دوبارہ منتخب ہونے پر، میں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے جنگ جاری رکھوں گی کہ ہماری جمہوریت منصفانہ اور متوازن ہو اور صرف چند نہیں "تمام لوگوں" کے لیے ہو! |

## الیکشن کے الرٹس حاصل کریں

**بذریعہ ٹیکسٹ یا ای میل انتخاب الرٹس کے لیے سائن اپ کریں! اہم حتمی تاریخوں اور ووٹ کب دینا ہے، کی تازہ ترین معلومات حاصل کریں۔**

**یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:**
**nycvotes.org/stay-informed**

# سٹی کونسل ضلع 42

**ڈیموکریٹک**

- کرس بینکس (Chris Banks)

یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار **NYC** کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔ صفحہ 61 پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔



## کرس بینکس (Chris Banks)

ڈیموکریٹک

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. عوام کی حفاظت کے خدشات سے نمٹنا
2. واقعتاً سستی رہائش کے اختیارات تخلیق کرنا
3. سینئر اور یوتھ پروگرام تخلیق کرنا

***"ضلع 42 کے مشرقی نیویارک کے تاحیات رہائشی ہونے کے طور پر، میں اپنی کمیونٹی کو درپیش مسائل کو حل کرنے کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر ضلع بھر میں اپنے مفید تجربے اور تعلقات کو یکجا کر کے اپنے حلقے کے لیے فائدہ مند کام کروں گا۔ ہماری کمیونٹی کو درپیش چیلنجوں کو ایک اجتماعی طور پر مشترکہ وژن اور ان لوگوں کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے حل کیا جا سکتا ہے جو اس ضلع کے مستقبل کو بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہیں، جسے ہم سب اپنا گھر کہتے ہیں۔"***

**موجودہ پیشہ:** خود روزگار

**سابقہ پیشے:** ED، ایسٹ نیویارک یونائیٹڈ کنسرنڈ سٹیزنز انکارپوریٹڈ

**تعلیم:** جوڈیشل اسٹڈیز میں AA، جان جے کالج

**تنظیمی وابستگیاں:** بورڈ چیئر، بلیوارڈ ہاؤسز نرسری ڈے کیئر، صدر وان سیکلن بلاک ایسوسی ایشن۔

**سابقہ عوامی تجربہ:** پریس 75ویں حلقہ کونسل، آرمز اینڈ پاسٹ میں سارجنٹ، ایجنگ، ٹرانسپورٹیشن اینڈ ایجوکیشن کمیٹی BK CB5 میں شریک چیئرمین

**پارٹی میں اندراج:** ڈیموکریٹک

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیئک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: یعنی جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں۔ ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

## کرس بینکس (Chris Banks)

ڈیموکریٹک

| | |
|---|---|
| **جرائم** | ڈسٹرکٹ 42 کے بہتر سارے مکینوں اور استفادہ کنندگان کے لیے جرم سرفہرست تشویش ہے۔ ہم صرف پولیس کے ذریعے حفاظت یقینی نہیں بنا سکتے۔ جرم سے لڑنے کے لیے ایک عمومی شعور والا انداز مطلوب ہوتا ہے جہاں لاء انفورسمنٹ مکینوں کو ایسے پارٹنرز کے بطور دیکھتا ہے جن کے لیے وہ ذمہ دار ہیں۔ |
| **افراط زر** | مہنگائی کا ڈسٹرکٹ 42 جیسی کمیونٹیز پر زبردست منفی اثر پڑا ہے جہاں بہت سارے بزرگ افراد ایک مقررہ آمدنی پر رہتے اور گزارہ کرتے ہیں۔ حکومت کو مہنگائی کا مقابلہ کرنے اور ہماری کمیونٹیز میں چیزوں کو ہر ممکن حد تک سستی بنانے کے لیے قانون سازی کا استعمال کرنا چاہیے۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | ہماری جمہوریت ہی وہ بنیاد ہے جس پر ہمارے معاشرے کی تعمیر ہے۔ حالیہ ماضی میں یہ براہ راست دھمکی اور حملے کی زد میں آ گئی ہے اور ہر قیمت پر اس کا تحفظ ہونا چاہیے۔ |

## اپنے بیلٹ کی منصوبہ بندی کریں

**اپنے امیدواروں کا انتخاب مکمل کر لیا ہے؟ اپنی پول سائٹ پر ساتھ لے جانے کے لیے اپنے انتخاب کو محفوظ کریں!**

**یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:**
**urdu.nycvotes.org/plan-your-ballot**

# سٹی کونسل ضلع 43

**ڈیموکریٹک**

- سوسن زھوانگ (Susan Zhuang) ✓

**ریپبلکن**

- ینگ تان (Ying Tan) ✓

**کنزرویٹو**

- ویٹو جے لابیلا (Vito J Labella) ✓

✓ یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار **NYC** کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔ صفحہ 61 پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔

---



## سوسن زھوانگ (Susan Zhuang) ✓

ڈیموکریٹک

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. اپنی علاقوں کو زیادہ محفوظ بنانا۔
2. سب کے لیے معیاری تعلیم کو یقینی بنانا
3. ہمارے معیار زندگی میں بہتری لانا

***"دو چھوٹے بچوں کی ماں، ایک پبلک اسکول والی والدہ اور اسمبلی مین کولٹن کی چیف آف اسٹاف کے طور پر، میرے پاس ساؤتھ بروکلن میں کمیونٹی کے مسائل کے لیے لڑنے کا سالوں کا تجربہ ہے۔ ہمیں اپنی کمیونٹیز کے تحفظ، اپنے اسکولوں کی مضبوطی اور اپنی کامیابی کو یقینی بنانے کے لیے ایک آواز اٹھانے والے کی ضرورت ہے۔"***

**موجودہ پیشہ:** نیویارک ریاستی اسمبلی کے رکن ولیم کولٹن کے لیے چیف آف اسٹاف

**سابقہ پیشہ:** مارکیٹ پر تحقیق کی تجزیہ کار

**تعلیم:** MBA سدرن انڈیانا یونیورسٹی، ڈیٹا اینالیسس SUNY-Oswego میں MBA، فنانس اور اپلائیڈ سٹیٹسکس میں BA کی ڈگری

**تنظیمی وابستگیاں:** AAGGبورڈ ممبر-ایشین امریکن پیسفک آئی لینڈر پبلک افیئرز ایسوسی ایشن، AAGG PAC، بانی– لیڈرز آف ٹومارو، سابق VP–بروکلین یونائیٹڈ پروگریسو ڈیموکریٹک کلب، سابق VP/بانی– ینگ ڈیموکریٹس آف سدرن بروکلین پولیٹیکل کلب

**سابقہ عوامی تجربہ:** کمیونٹی کی سرگرم کارکن

**پارٹی میں اندراج:** ڈیموکریٹک



## ینگ تان (Ying Tan)

ریپبلکن

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. عوام کی حفاظت
2. بزرگ افراد کا تحفظ
3. معیاری تعلیم

***"ہماری ٹیم کمیونٹی کے لیے بہترین لڑائی لڑے گی اور حفاظت اور عمومی شعور واپس لائے گی"***

**موجودہ پیشہ:** کل وقتی مہم

**سابقہ پیشے:** سینئر سروسز

**تعلیم:** ہائی اسکول

**تنظیمی وابستگیاں:** ناقابل اطلاق

**سابقہ عوامی تجربہ:** ناقابل اطلاق

**پارٹی میں اندراج:** ریپبلکن



## ویٹو جے لابیلا (Vito J Labella)

کنزرویٹو

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. عوام کی حفاظت اور QOL کا نفاذ
2. کاروباری قواعد اور ٹیکس کے بوجھ کو کم کرنا
3. حکومتی دیانتداری، شفافیت اور احتساب

***"میں بے رج، بروکلن میں پیدا ہوا اور پلا بڑھا۔ میں نے ایک پولیس افسر اور تعلیمی ایڈووکیٹ کے طور پر اپنی کمیونٹی کی خدمت کی اور 32 سال کی خدمت کے بعد NYPD سے لیفٹیننٹ کے طور پر ریٹائر ہوا۔***

***میں نے سٹی کے پبلک اسکول سسٹم میں تیز تر تعلیم اور بہتر شفافیت اور احتساب کے لیے آواز اٹھائی ہے۔***

***میرے پاس پولیسنگ اور تعلیم دونوں میں قیمتی تجربہ اور اداراتی علم ہے۔ میں اعتماد سے کہ ہسکتا ہوں کہ میں 43ویں ضلع کے لیے بہترین امیدوار ہوں۔"***

**موجودہ پیشہ:** ریٹائر شدہ

**سابقہ پیشے:** کمیونٹی لائیزان، AM لیسٹر چینگ، لیفٹیننٹ، NYPD (ریٹائرڈ)

**تعلیم:** BA کریگٹن یونیورسٹی

**تنظیمی وابستگیاں:** LBA, AEA, AFTRA, SAG

**سابقہ عوامی تجربہ:** NY 2022 سینٹ امیدوار D17، منتخب نمائندہ CEC 20، مشترکہ بانی پلیس PTO ،NYC صدر، IS187، بروکلن ٹیکنیکل HS میں اسکول لیڈرشپ ٹیم۔

**پارٹی میں اندراج:** ریپبلکن

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیئک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: یعنی جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں۔ ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

| | سوسن زھوانگ (Susan Zhuang) ✓<br>ڈیموکریٹک | ینگ تان (Ying Tan) ✓<br>ریپبلکن |
|---|---|---|
| **جرائم** | ہمیں اپنے شہر کو محفوظ تر بنانے کے لیے پولیس کی حمایت کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمیں اپنی سڑکوں کو بندوقیں سے پاک کرنے، ذہنی صحت کے بحران سے نمٹنے، نفرت پر مبنی جرائم اور تعصب کے حملوں کو روکنے کے لیے سخت سزائیں بنانے اور کے لیے مقامی انسداد تشدد گروپوں کے ساتھ شراکت داری کرنے اور NYPD کو مکمل فنڈ دینے کی ضرورت ہے۔ | ہمیں جرائم کو روکنے کے لیے (1) پولیس کی فنڈنگ میں اضافہ کرنے، (2) ضمانت میں اصلاحات کو ختم کرنے اور (3) کمیونٹی پولیسنگ کو نافذ کرنے کی ضرورت ہے۔ 4. DA کو جوابدہ قرار دے کر |
| **افراط زر** | قیمتوں میں اضافے کے لیے ہمیں کمپنیوں اور یوٹیلیٹیز کو جوابدہ قرار دینے اور یہ یقینی بنانے کی ضرورت ہے کہ وہ صارفین کا فائدہ نہیں اٹھا رہی ہیں۔ ہمیں مہنگائی پر بھی لگام ڈالنی چاہیے جو کام کاجی فیملیز کو سب سے زیادہ نقصان پہنچاتی ہے۔ | حکومت کے خرچ کو مناسب طریقے سے یقینی بنانے سے مدد مل سکتی ہے۔ عین اسی وقت، ہمیں گزارے کے لازمی آئٹموں پر مقررہ آمدنی والے لوگوں کے لیے مزید وسائل مختص کرنے کی ضرورت ہے۔ مکان مالکوں اور چھوٹے کاروباروں پر ضابطہ کے لمبے چوڑے عمل کو اٹھانا۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | شدت پسندوں کی جانب سے آزاد اور منصفانہ انتخابات کو الٹنے کی کوششوں کو ہر اس شخص کے لیے جاگنے کی گھڑی ہونا چاہیے، جو جمہوریت کی پرواہ کرتا ہے۔ ہمیں ووٹنگ کی رسائی اور آسانی کو بڑھانا چاہیے اور ہر اہل ووٹر کے ووٹ کے حق کا تحفظ کرنا چاہیے۔ | مجھے لگتا ہے کہ جمہوریت پر نیو یارک کے باشندوں کی اگلی نسل کو تعلیم دینے کے لیے ہم کافی کام نہیں کر رہے ہیں۔ میری پوزیشن یہ ہے کہ سخت تمدنی تعلیمی پروگرامز لاگو کیے جائیں جو جمہوری اقدار، اصولوں اور اداروں کے بارے میں تعلیم دے۔ |

# امیدواروں کا تقابل کریں

یہ دیکھنے کے لیے کہ امیدوار کا ان مسائل پر کیا موقف ہے جو آپ کے لیے بے حد اہم ہیں، ہمارا آن لائن ووٹر گائیڈ ملاحظہ کریں اور پھر ان کے خیالات کا ساتھ ساتھ موازنہ کریں۔

یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:
**urdu.nycvotes.org/compare**

## ویٹو جے لابیلا (Vito J Labella)

کنزرویٹو

جج کو اس بات کا فیصلہ کرنے میں خطرے کو مدنظر رکھنے کی اجازت دیں، کہ آیا کسی کو مقدمے سے پہلے حراست میں رکھنا ہے۔

نشے کے علاج اور ذہنی صحت کے وسائل کے لیے فنڈنگ فراہم کرنا اور کینڈراز لاء کو نافذ کرنا۔

کنگز کاؤنٹی DA کی حوصلہ افزائی کرنا کہ وہ بار بار اور پرتشدد جرائم انجام دینے والوں کو زیادہ سے زیادہ حد تک سزا دیں۔

NYC کو مہنگائی کے دباؤ کا حصہ بننے سے روکنے کے لیے غیر ضروری اخراجات سے گریز کرنے اور ایسے قواعد کو ہموار بنانے کی ضرورت ہے، جو معاشی بڑھوتری کو روک سکتے ہیں اور پیداوار کے اخراجات بڑھا سکتے ہیں۔ بیوروکریسی کی رکاوٹوں کو کم کرنا کاروباری بڑھوتری کو فروغ دے سکتا ہے اور مہنگائی کے اثرات کو کم کر سکتا ہے۔

جمہوری عمل پر بات کرتے ہوئے بیلٹ کی سالمیت ووٹر رسائی اور آسانی جتنی ہی اہم ہے۔ یونیورسل غیر حاضر بیلٹس اور بیلٹس جمع کرنا غیر معمولی صورتحال ہونی چاہیے، نہ کہ معمول۔

# سٹی کونسل ضلع 44

ڈیموکریٹک، ریپبلکن، کنزرویٹو

- کلمان ییگر (Kalman Yeger) ✓

بورو پارک فلیٹ بش

- ہیشی ٹشلر (Heshy Tischler) ✓

✓ یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار **NYC** کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔ صفحہ 61 پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔

---



## کلمان ییگر (Kalman Yeger) ✓

ڈیموکریٹک، ریپبلکن، کنزرویٹو

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. .
2. .
3. .

***"ہماری کمیونٹی کے لیے مجھ سے زیادہ کوئی نہیں لڑتا۔ میں ان سے لڑتا ہوں جو NYPD کا فنڈ ختم کرنے اور اسے تباہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ میں نے ہمیشہ ٹیکس میں اضافے کی شدید مخالفت کی ہے اور میں نے نیو یارکرز کے لیے ریبیٹس اور استثناء لانے کے لیے کوششوں کی قیادت کی۔***

***میں نے ہمارے علاقوں میں سیکنڑوں ملین ڈالرز لائے، تاکہ ہمارے اداروں کو فروغ دیا جا سکے، ہنگامی رسپانڈرز کو فنڈ دیا جا سکے، ہمارے پارکس اور سڑکوں کی مرمت کی جا سکے اور ہماری کمیونٹی کو محفوظ رکھا جا سکے۔***

***میں ہمیشہ انتشار پیدا کرنے والوں کے خلاف کھڑا ہوتا ہوں جو ہماری کمیونٹی کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں اور میں ہمیشہ لوگوں کو سیاست سے پہلے رکھتا ہوں۔ میں یہی ہوں اور میں ہمیشہ یہی رہوں گا، سٹی ہال میں آپ کی عام فہم عقل والی آواز کے طور پر۔"***

**موجودہ پیشہ:** کونسل مین

**سابقہ پیشہ:** اٹارنی

**تعلیم:** نیو یارک لاء اسکول، ٹوئورو کالج

**تنظیمی وابستگیاں:** .

**سابقہ عوامی تجربہ:** کمیونٹی بورڈ ممبر، بورو صدر کا دفتر

**پارٹی میں اندراج:** ڈیموکریٹک



## ہیشی ٹشلر

بورو پارک فلیٹ بش

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. NYPD کی مکمل فنڈنگ
2. ٹیکسز/رہنے کا خرچ کم کرنا
3. آزادی اور مذہبی آزادی کا تحفظ

***"ہیشی ٹشلر NYC سٹی کونسل میں بروکلن کی فوری ضروریات کے لیے ایک طاقتور آواز ہوں گے۔ ان کی مہم مقامی پارٹی کی بدعنوان سیاست سے علیحدہ ہے اور وہ ریڈ ٹیپ ختم کر کے، شدید ٹیکسز کم کر کے اور نفرت والے جرائم سے لڑ کے سٹی کو بڑھوتری دینے کا عزم رکھتے ہیں۔ وہ ذاتی آزادیوں کی قدر کرتے ہیں، خصوصًا کووِڈ کے بعد، NYPD کی حمایت کرتے ہیں اور ہمارے معیار زندگی اور عوامی سلامتی کو بہتر کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔"***

**موجودہ پیشہ:** ایکسپیڈیٹر/کمیونٹی رہنماء/ریڈیو میزبان

**سابقہ پیشہ:** کنٹریکٹر

**تعلیم:** بیچلرز ڈگری، ٹلموڈیکل اکیڈمی آف نیو جرسی

**تنظیمی وابستگیاں:** ناقابل اطلاق

**سابقہ عوامی تجربہ:** ناقابل اطلاق

**پارٹی میں اندراج:** ریپبلکن

# امیدوار کی ویڈیوز دیکھیں

**امیدواروں کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہمارا آن لائن ووٹر گائیڈ ملاحظہ کریں! اپنے بیلٹ پر امیدواروں کو تلاش کرنے کے لیے اپنا پتہ درج کریں اور پھر امیدواروں کی ویڈیوز دیکھنے کے لیے ان کے پروفائلز پر جائیں۔**

یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: **یعنی** جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں۔ ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

| | کلمان ییگر (Kalman Yeger) ✓<br>ڈیموکریٹک، ریپبلکن، کنزرویٹو | ہیشی ٹشلر (Heshy Tischler) ✓<br>بورو پارک فلیٹ بش |
|---|---|---|
| **جرائم** | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ | ہیشی NYC کی ضمانت کی اصلاحات پر نظرثانی کرنے اور انہیں ختم کرنا چاہتے ہیں۔ وہ عوامی سلامتی کو متاثر کرنے والے مسائل دیکھتے ہیں اور فوجداری انصاف کا ایک منصفانہ طریقہ دیکھنا چاہتے ہیں۔ وہ کمیونٹی کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے NYPD کو فنڈ دینے پر زور دیتے ہیں، تاکہ افسران کو جرائم کو روکنے اور معیار زندگی کو بہتر کرنے کے لیے وسائل دیے جا سکیں۔ |
| **افراط زر** | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ | ہیشی فونز/یوٹیلیٹیز پر چارجز اور زیادہ سیلز ٹیکس کی وجہ سے NYC میں مہنگی زندگی، جو کام کرنے والے افراد کو نقصان پہنچاتی ہے، کا سبب سمجھتے ہیں۔ زیادہ طلب کے وقت کی قیمتوں کی وجہ سے مینہیٹن میں داخل ہونے والے بروکلن ڈرائیورز سے ممکنہ طور پر قیمت وصول کیے جانے پر، وہ شہر میں تمام افراد کے لیے ایک قابل استطاعت مستقبل کے لیے بڑھتے ہوئے ٹیکسز سے لڑنے کو تیار ہیں۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ | شہری پروگرام: تاکہ بچوں کو جمہوری روایات، تنقیدی سوچ اور باخبر شہری بننے کے لیے ذمہ دار تعامل سکھایا جا سکے۔ یہ فعال شرکت، متنوع نقطہ ہائے نظر اور NYC، ہماری ریاست اور قوم میں جمہوریت کے مستقبل کو محفوظ کرنے اور خوشی کے حصول کی بنیاد ہے۔ |

# سٹی کونسل ضلع 45

**ڈیموکریٹک**

- فرح این لوئس (Farah N Louis) ✓

✓ یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار **NYC** کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔ صفحہ 61 پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔

---



## فرح این لوئس (Farah N Louis) ✓

ڈیموکریٹک

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. رہائش
2. عوام کی حفاظت
3. تعلیم

***"دوبارہ انتخاب کے لیے لڑنے کے لیے میری وجہ اس ضلع کی مسلسل بڑھوتری کے لیے میری وقفیت اور عزم ہے۔ سٹی کونسل میں اپنے دور کے دوران، میں نے ضلع میں خصوصی طور پر صرف بزرگ افراد کے لیے قابل استطاعت رہائش کی پہلی تعمیر کے لیے فنڈز حاصل کیے اور خواتین کے پہلے ہیلتھ سینٹر کے لیے فنڈنگ فراہم کی اور ایسٹ فلیٹ بش میں پہلا تفریحی سینٹر بنانے کے لیے 141$ ملین حاصل کیے۔ میری ترجیحات شامل کی گئی ہیں، مگر میں نگہداشت صحت میں تفرقات سے لڑنے کے لیے بھی پرعزم ہوں۔ میں یونینز کے ایک حمایتی گھر میں پلی بڑھی ہوں اور ضلع 45 میں شناخت کے تقاطع اور متعلقہ رکاوٹوں اور ہمیں اپنی زندگیاں مکمل طور پر جینے سے روکنے میں ان کے کردار کو سمجھتی ہوں اور میں ہر موجود رکاوٹ کو ہٹانے کی خواہاں ہوں۔"***

**موجودہ پیشہ:** کونسل ممبر

**سابقہ پیشہ:** ناقابل اطلاق

**تعلیم:** ماسٹر

**تنظیمی وابستگیاں:** ناقابل اطلاق

**سابقہ عوامی تجربہ:** ناقابل اطلاق

**پارٹی میں اندراج:** ڈیموکریٹک

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیئک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: یعنی جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں۔ ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

## فرح این لوئس (Farah N Louis)

ڈیموکریٹک

| | |
|---|---|
| **جرائم** | جرم نیو یارک باشندوں کے سرفہرست مسائل میں سے ایک تھا۔ ہم نے کئی قوانین پاس کیے ہیں، بشمول ضمانت میں بڑی اصلاحاتی پیکج میں دریافت اور تیز مقدمے کے قواعد، مگر ہتھیاروں کے قوانین، مجرمانہ شرارت اور شدید ذہنی بیماریوں کے حامل افراد کے لیے معاونت کے حوالے سے قانونی طور پر مزید کرنے کی ضرورت ہے۔ |
| **افراط زر** | مہنگائی ملک کے لیے ایک بڑا مسئلہ ہے، اس کے بعد رہائش کی ارزانی، نگہداشت صحت اور پرتشدد جرائم کے خدشات ہیں۔ اس سے قوت خرید کم ہوتی ہے اور اشیاء اور خدمات کا نقصان ہوتا ہے۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | پچھلے چند سالوں میں ہماری جمہوریت کو چیلنج کیا گیا ہے۔ اپنی جمہوریت کا تحفظ کر کے ہم طاقت کے غلط استعمال کو روک رہے ہیں، قاعدے اور توازن کو بحال کر رہے ہیں اور یقینی بنا رہے ہیں کہ حکومت میں احتساب اور شفافیت ہو۔ ہماری کمیونٹیز کو بااختیار بنانا ہے کہ وہ تمدنی لحاظ سے مشغول اور باخبر رہیں |

## nyc votes کو فالو کریں

**آپ تمام تازہ ترین انتخابی اپ ڈیٹس کے لیے NYC Votes کو فالو کر سکتے ہیں!**

**@nycvotes**

# سٹی کونسل ضلع 46

**ڈیموکریٹک**

- مرسیڈیز نارسیسی (Mercedes Narcisse)*

**ریپبلکن، کنزرویٹو**

- مائیک مورن (Mike Moran)*

**کیبریاؤ برائے کوئن**

- ایڈلیریٹ کیبریاؤ (Adlerette Kebreau)

یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار NYC کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔ صفحہ 61 پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔

*اس پرنٹ شدہ ووٹر گائیڈ میں شامل کرنے کے لیے امیدوار نے وقت پر اپنی مکمل شدہ پروفائل جمع نہیں کرائی۔

---



## ایڈلیریٹ کیبریاؤ (Adlerette Kebreau)

کیبریاؤ برائے کوئن

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. قابل استطاعت رہائش
2. ذہنی صحت کے مسائل
3. معیاری تعلیم

***"میرا نام ایڈلیریٹ کیبریاؤ ہے اور میں ایک پادری، استانی اور ایک طویل مدتی کمیونٹی فائٹر کے طور پر جانی جاتی ہوں۔ میرے پس منظر اور تجربات کے ساتھ، میرے پاس ایک متنوع آبادی، عملے اور رفقاء کار کے ساتھ کام کرنے کی صلاحیت ہے۔ میرے مضبوط مہارتوں میں سے کچھ قیادت، منصوبہ بندی اور مسائل حل کرنا ہیں۔"***

**موجودہ پیشہ:** کونسلر، پادری اور ایڈووکیٹر

**سابقہ پیشہ:** سائنس کی استانی

**تعلیم:** پروفیشنل اسٹڈیز میں ماسٹر

**تنظیمی وابستگیاں:** بروکلن کالج ایلمنائے ایسوسیئیشن, حیتیئن امیریکن لائرز ایسوسیئیشن

**سابقہ عوامی تجربہ:** مقامی اور بین الاقوامی سامعین کے لیے کئی مقامات، بشمول یورپ، مونٹریال، کیریبیئن اور مزید، پر کانفرنسوں اور روحانی سیمینارز کے انعقاد کے لیے کئی تنظیموں کے ساتھ رابطہ کاری اور ابلاغ کرتی ہیں۔

**پارٹی میں اندراج:** کنزرویٹو

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیئک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: **یعنی** جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں۔ ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

| | مرسیڈیز نارسیسی (Mercedes Narcisse)* ✓<br>ڈیموکریٹک | مائیک مورن (Mike Moran)* ✓<br>ریپبلکن، کنزرویٹو |
|---|---|---|
| **جرائم** | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ |
| **افراط زر** | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ | امیدوار نے اس سوال کا جواب جمع نہیں کرایا ہے۔ |

# الیکشن کے الرٹس حاصل کریں

**بذریعہ ٹیکسٹ یا ای میل انتخاب الرٹس کے لیے سائن اپ کریں! اہم حتمی تاریخوں اور ووٹ کب دینا ہے، کی تازہ ترین معلومات حاصل کریں۔**

**یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں: nycvotes.org/stay-informed**

## ایڈلیریٹ کیبریاؤ (Adlerette Kebreau)

کیبریاؤ برائے کوئن

تمام کو ختم کرنا؛ بری پرورش، غربت، ذہنی بیماری، لالچ، بدعنوانی، نشہ اور وہ نفرت، جس کی وجہ سے لوگ جرائم کرتے ہیں۔

میں سمجھتی ہوں کہ زیادہ نوکریوں اور زیادہ ادائیگی والے مواقع کی ضرورت ہے۔ اس جنگ نے ہمارے معاشی بحران سے آگے چھلانگ لگا دی ہے، جبکہ کرایہ اور ضروریات زندگی کی قیمتیں قابو سے باہر جا رہی ہیں۔ آئیں اس جنگ کو ختم کریں اور اپنی توجہ مالی استحکام کی جانب لے جائیں۔

میری نظروں میں، ہمیں نگرانی اور توازن کے نظام کو محفوظ اور برقرار رکھنا ہو گا، تاکہ ہم تمام کے لیے دیانت داری اور احتساب کو یقینی بنا سکیں۔

# سٹی کونسل ضلع 47

**ڈیموکریٹک**

- جسٹن برینن (Justin Brannan) ✓

**ریپبلکن، کنزرویٹو، پیرنٹ پارٹی**

- اری کاگان (Ari Kagan) ✓

✓ یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار **NYC** کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔ **صفحہ 61** پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔

---



## جسٹن برینن (Justin Brannan) ✓

ڈیموکریٹک

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. عوام کی حفاظت
2. ہمارے معمر افراد کے لیے تعاون
3. نئے اسکولوں اور پارکوں کی تعمیر

***"مجھے اس بات سے فرق نہیں پڑتا کہ آپ ڈیموکریٹ یا ریپبلکن ہیں، ایک منتخب عہدادار کے طور پر میرا کام تمام لوگوں کی خدمت کرنا ہے۔ میں ہر روز ایک ہدف کے ساتھ جاگتا ہوں: آپ کی زندگیوں کو تھوڑا سا آسان بنانا۔ یہ میری پوری زندگی کا اعزاز ہے کہ میں ان علاقوں کی نمائندگی کر رہا ہوں، جہاں میں پلا بڑھا اور میں ہمیشہ آپ اور آپ کے خاندان کے لیے لڑوں گا۔"***

**موجودہ پیشہ:** نیو یارک سٹی کونسل مین

**سابقہ پیشہ:** کونسل مین ونی جینٹائل کے چیف آف اسٹاف

**تعلیم:** فورڈ ہیم اور CUNY

**تنظیمی وابستگیاں:** بے رجز کیئرز

**سابقہ عوامی تجربہ:** NYC محکمہ تعلیم میں انٹرگورنمنٹل افیئرز کے ڈپٹی ڈائریکٹر

**پارٹی میں اندراج:** ڈیموکریٹک



## اری کاگان
## (Ari Kagan)

ریپبلکن، کنزرویٹو، پیرنٹ پارٹی

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. عوام کی حفاظت
2. میرٹ پر مبنی اسکولی تعلیم
3. صفائی ستھرائی

*"میں ریپبلکن کونسل مین ایری کاگن ہوں اور دوبارہ الیکشنلڑ رہا ہوں۔ میں 30 سال پہلے بیلاروس سے بغیر پیسے کے امریکہ آیا تھا اور مجھے انگریزی بھی نہیں آتی تھی۔ اب میں آپ کے کونسل مین کے طور پر اپنا امریکی خواب پورا ہوتا ہوا دیکھ رہا ہوں۔ میں ایک شوہر اور دو بچوں کا قابل فخر باپ ہوں۔ میں نے باروچ کالج سے تعلیم حاصل کی ہے اور میں دن کو کام اور رات کو پڑھائی کیا کرتا تھا۔ میں کمیونٹی کے لیے رضاکارانہ طور پر ٹی وی اور ریڈیو کے میزبان کے طور پر بھی کام کرتا رہا ہوں۔*

*میں NYPD، میرٹ پر مبنی تعلیم اور والدین کو زیادہ تعلیمی انتخابات فراہم کرنے کا زبردست حامی ہوں۔ میں کمیونٹی پروجیکٹس کے لیے لاکھوں ڈالر حاصل کرنے میں کامیاب رہا ہوں اور میں نے اپنے ہزاروں رائے دہندگان کی مدد کی ہے۔*

*میں 27 جون کو پرائمری میں آپ سے ووٹ دینے کی درخواست کرتا ہوں۔"*

**موجودہ پیشہ:** کونسل ممبر

**سابقہ پیشہ:** TV & ریڈیو ہوسٹ

**تعلیم:** باروچ کالج، بزنس ایڈمنسٹریشن میں بیچلر

**تنظیمی وابستگیاں:** ویرازانو ریپبلکنز

**سابقہ عوامی تجربہ:** ضلع ڈائریکٹر، CD 47

**پارٹی میں اندراج:** ریپبلکن

# اپنے بیلٹ کی منصوبہ بندی کریں

اپنے امیدواروں کا انتخاب مکمل کر لیا ہے؟
اپنی پول سائٹ پر ساتھ لے جانے کے لیے
اپنے انتخاب کو محفوظ کریں!

یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:
**urdu.nycvotes.org/plan-your-ballot**

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیئک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: یعنی جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں۔ ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

| | جسٹن برینن **(Justin Brannan)** ✓<br>ڈیموکریٹک | اری کاگان **(Ari Kagan)** ✓<br>ریپبلکن، کنزرویٹو، پیرنٹ پارٹی |
|---|---|---|
| **جرائم** | ایک منتخب شدہ اہلکار کی حیثیت سے، عوام کی حفاظت ہمیشہ میری پہلی ترجیح رہے گی۔ مقامی طور پر، پہلے کسی بھی وقت کے مقابلہ ہمارے یہاں زیادہ پولیس اہلکار گشت پر ہوتے ہیں اور ہم لوگ تعلیم، ملازمت، نگہداشت صحت، رہائش اور نقل وحمتل تک رسائی کے ذریعہ جرائم کی بنیادی وجوہات سے نمٹنے کے لیے مخصوص سرمایہ کاریاں کر رہے ہیں۔ | میں NYPD اور لاء انفورسمنٹ کا مضبوط حامی ہوں۔ مجرموں کو اپنے اعمال کے عواقب کا سامنا کرنا چاہیے۔ ہمیں نوجوانوں کے پروگراموں، حرفتی تربیت اور کیریئر کوچنگ کے لیے فنڈز مہیا کرنے کی ضرورت ہے۔ |
| **افراط زر** | اگرچہ مہنگائی سے لڑنا وفاقی حکومت کا کام ہے اور سٹی کونسل کا نہیں ہے، ہم لوگ کمپنیوں کے حرص پر لگام لگا کر، زیادہ مرکزی ملازمتیں پیدا کرکے اور اجرتیں بڑھا کر مہنگائی کی روک تھام کر سکتے ہیں۔ کار گزار فیملیاں چوسا ہوا محسوس کر رہی ہیں جبکہ ارب پتی لوگ امیر ہو رہے ہیں اور کوئی ٹیکس ادا نہیں کرتے ہیں۔ یہ بہر حال بند ہونا چاہیے۔ | ہمیں ٹیکس دہندگان کی رقم کو دانشمندانہ طور پر خرچ کرنے اور ضیاع، فراڈ اور ناجائز استعمال سے لڑنے کی ضرورت ہے۔ ہمیں حد سے زیادہ یوٹیلیٹی بلوں، غیر ضروری فیسوں اور پراپرٹی ٹیکسوں کو کم کرنے کی ضرورت ہے، جس سے چھوٹے کاروباروں کو کامیاب ہونے میں آسانی ہوگی۔ میں بے تحاشہ قیمت بندی کے خلاف ہوں جو نیو یارک کے کام کاجی باشندوں پر ایک اور ٹیکس ہے۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | میرا ماننا ہے کہ ہمیں غلط معلومات کے انتشار، اپنے خود مختار اداروں کو سیاسی رنگ میں رگنے اور بد نیتی پر مبنی جمہوریت مخالف طریقوں خواہ وہ کسی بھی شکل میں ہو ان کا مقابلہ کر کے اپنی جمہوریت پر آمرانہ حملوں کی روک تھام کے لیے ہماری اجتماعی قوت میں جو کچھ ہے وہ سب ضرور کرنا چاہیے۔ | ہمیں ووٹر فراڈ کو روکنے، نا اہل ووٹروں سے ووٹر لسٹ صاف کرنے، پول سائٹس پر ID کا مطالبہ کرنے اور بہتر تمدنی بیداری پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ |

# امیدواروں کا تقابل کریں

یہ دیکھنے کے لیے کہ امیدوار کا ان مسائل پر کیا موقف ہے جو آپ کے لیے بے حد اہم ہیں، ہمارا آن لائن ووٹر گائیڈ ملاحظہ کریں اور پھر ان کے خیالات کا ساتھ ساتھ موازنہ کریں۔

یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:
**urdu.nycvotes.org/compare**

# امیدوار کی دیکھیں ویڈیوز

امیدواروں کے بارے میں مزید جاننے کے
لیے ہمارا آن لائن ووٹر گائیڈ ملاحظہ کریں!
اپنے بیلٹ پر امیدواروں کو تلاش کرنے کے
لیے اپنا پتہ درج کریں اور پھر امیدواروں
کی ویڈیوز دیکھنے کے لیے ان کے پروفائلز
پر جائیں۔

یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:
**urdu.nycvotes.org/candidates**

# سٹی کونسل ضلع 48

**ڈیموکریٹک، وی دی پیپل**

- ایمبر ایڈلر (Amber Adler)

**ریپبلکن، کنزرویٹو**

- اینا ورنیکوف (Inna Vernikov)

**ٹیم ٹرمپ**

- اگور کزاٹسکر (Igor Kazatsker)

یہ بیج اس صورت میں ظاہر ہو گا جب کوئی امیدوار NYC کے میچنگ فنڈز پروگرام سے مستفید ہو رہا ہو، جس سے امیدواروں کو اپنی تشہیری مہمات کے لیے فنڈز کے حصول میں—نیویارک سٹی کے رہائشیوں پر انحصار کرنے میں مدد ملتی ہے—نہ کہ خصوصی دلچسپیوں پر۔ صفحہ 61 پر مزید جانیں۔

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ امیدواروں کی تازہ ترین فہرست دیکھیں، امیدواروں کی ویڈیوز تلاش کریں اور مسائل پر امیدواروں کے خیالات کا موازنہ کریں، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/candidates**۔

---



## ایمبر ایڈلر (Amber Adler)

ڈیموکریٹک، وی دی پیپل

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. مقامی معیشت
2. عوام کی حفاظت
3. صفائی ستھرائی

***"ایمبر ایک ایگزیکٹو اور دو کم عمر لڑکوں کی آرتھوڈاکس یہودی ماں ہیں، جنہوں نے خاندانی خدمات، نفرت انگیز جرائم سے لڑنے، خصوصی ضروریات کے بچوں، تعلیم اور غربت کا سامنا کرنے والے بزرگ افراد کے لیے لاکھوں ڈالرز جمع اور تفویض کیے ہیں۔ ایک مرتبہ منتخب ہونے پر، ایمبر رہائشیوں کا معیار زندگی بہتر بنائیں گی۔ وہ حفاظت کو بہتر بنائیں گی، صاف ستھری سڑکیں واپس لائیں گی، سڑک کنارے کوڑا اٹھانے کو بہتر بنائیں گی، بزرگ افراد کی معاونت کریں گی، رہائشیوں کو متحد کریں گی، نفرت انگیز جرائم سے لڑیں گی اور ضلع کے لیے رقم بڑھائیں گی۔ ایمبر کفایت شعار رہنے اور ذمہ دار مالی پالیسی بنانے کا وعدہ کرتی ہیں۔"***

**موجودہ پیشہ:** ایگزیکٹو

**سابقہ پیشے:** پراجیکٹ وٹنس، انٹرنیشنل سنٹر فار آٹزم ریسرچ اینڈ ایجوکیشن

**تعلیم:** BA، بزنس اینڈ کمیونیکیشن، اوہائیو یونیورسٹی۔

**تنظیمی وابستگیاں:** نیبر ہڈ ایڈوائزری بورڈ 15 کی چیئر، کاؤنٹی کمیٹی ممبر

**سابقہ عوامی تجربہ:** کمیونٹی کی ترقی

**پارٹی میں اندراج:** ڈیموکریٹک



## اینا ورنیکوف (Inna Vernikov)

ریپبلکن، کنزرویٹو

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. مجرموں کا تحفظ کرنے سے پہلے شہریوں کا تحفظ کرنا
2. امتیازی سلوک کی تمام شکلوں سے لڑنا
3. چھوٹے کاروبار کی حمایت کرنا

***"سٹی کونسل میں اپنی پہلی مدت کے دوران میری خوش قسمتی رہی ہے کہ کمیونٹی کے لیے ہمارے بہت سے اہداف کو پورا کرنے میں مدد کے لیے مجھے اچھے پارٹنرز ملے ہیں۔ میں دوبارہ الیکشن لڑ رہا ہوں کیونکہ ابھی بہت کام کرنا باقی ہے اور بہت سے اہداف کو پورا کرنا ہے۔"***

**موجودہ پیشہ:** سٹی کونسل ممبر، اقلیتی وہپ

**سابقہ پیشہ:** اٹارنی

**تعلیم:** نفیش اکیڈمی، باروچ کالج، جورس ڈاکٹریٹ

**تنظیمی وابستگیاں:** ایشین کمیونٹی واچ، امریکنز اگینسٹ اینٹی سیمیٹزم، لیجن سیلف ڈیفنس

**سابقہ عوامی تجربہ:** سٹی کونسل ممبر اور اقلیتی وہپ؛ سابق ممبر اسمبلی ڈیوو ہیکنڈ (Dov Hikind) کے معاون خصوصی؛ سابق ریاستی سینیٹر ڈیوڈ اسٹوروبن (David Storobin) کی مہم کا اسسٹنٹ منیجر؛ امریکنز اگینسٹ اینٹی سیمیٹزم کی خواتین کی کمیٹی کا چیئر پرسن؛ چیئر آف لیجن سیلف ڈیفنس

**پارٹی میں اندراج:** ریپبلکن



## اگور کزاٹسکر (Igor Kazatsker)

ٹیم ٹرمپ

**اہم ترین 3 مسائل:**

1. عوام کی حفاظت کے احساس کو بہتر بنانا
2. کم باتیں، زیادہ صاف ستھری سڑکیں
3. 48 میں شاندر چھوٹے کاروبار

***"'مسائل کی نشاندہی' کے بعد محض باتیں نہیں، 'بس کام!'۔"***

**موجودہ پیشہ:** رشیئن پروموشن کارپوریشن، صدر

**سابقہ پیشے:** انجینئر؛ صحافی؛ کیس مینیجر؛ امیگریشن پیرالیگل؛ ریکریئشنل تھراپسٹ

**تعلیم:** میکینکل انجینئر؛ صحافی

**تنظیمی وابستگیاں:** صدر، نیویارک اوڈیسا کمیونٹی؛ نائب صدر، امریکن ایسو سی ایشن آف دی جیوز فرام دی فارمر USSR

**سابقہ عوامی تجربہ:** روسی ریڈیو پر روزانہ کے پروگرام "نیو یارک سٹی نیوز" کے میزبان کے طور پر، ریڈیو سننے والوں کے ساتھ انٹرایکٹو بات چیت

**پارٹی میں اندراج:** ریپبلکن

# NYC Votes کو فالو کریں

آپ تمام تازہ ترین انتخابی اپ ڈیٹس کے لیے
NYC Votes کو فالو کر سکتے ہیں!

**@nycvotes**

# امیدواروں کا موازنہ کریں

اس سال، ہم نے امیدواروں سے ان آٹھ مسائل پر اپنی پوزیشنیں بتانے کو کہا ہے جن کے بارے میں کوئنیپیئک یونیورسٹی کے ایک حالیہ پول میں نیویارک کے باشندوں نے بتایا ہے کہ وہ ان کے لیے سب سے اہم ہیں: **یعنی جرائم، مہنگائی، جمہوریت کا تحفظ، اسقاط حمل، سستی رہائشیں، بے گھری، نسلی عدم مساوات اور آب و ہوا میں تبدیلیاں۔** ان مسائل پر امیدواروں کے جوابات کا موازنہ کرنے کے لیے، ملاحظہ کریں: **urdu.nycvotes.org/compare**۔

اپنی سٹی کونسل ضلع کو یہاں تلاش کریں: **findmypollsite.vote.nyc**۔

| | **ایمبر ایڈلر (Amber Adler)** ✓<br>ڈیموکریٹک، وی دی پیپل | **اینا ورنیکوف (Inna Vernikov)** ✓<br>ریپبلکن، کنزرویٹو |
|---|---|---|
| **جرائم** | ہم پر جرم سے لڑنا اور اس کو روکنا ضروری ہے۔ جرم کی طرف دوبارہ لوٹنے والے مجرموں کو روکنے کے لیے پالیسی کو اپ ڈیٹ کیا جانا چاہیے۔ ہمیں ایذا رسانی کو روکنے اور نفرت انگیز جرائم کو ختم کرنے کے لیے روک تھام کرنے والی K-12 کی تعلیم میں سرمایہ لگانا ضروری ہے۔ | ہمیں پرتشدد مجرموں کو نہیں، بلکہ قانون کی پابندی کرنے والے شہریوں کا تحفظ کرنا چاہیے۔ بیل ریفارم ایک لاپرواہ پالیسی ہے جو مزید تشدد کی طرف لے جاتی ہے۔ میں دوسرے مواقع اور ازیں قبل اسیر شدہ لوگوں کو معاشرے میں دوبارہ شامل کرنے والے تعریفی پروگراموں پر یقین رکھتا ہوں لیکن ہم صرف نتائج کو ختم نہیں کر سکتے۔ |
| **افراط زر** | مالی لحاظ سے ذمہ دار پالیسی، بجٹ کو لاغر رکھنا اور خاص طور پر مختص ہنگامی ہنڈز کی تشکیل مہنگائی سے لڑنے کے لیے ایک اچھی بنیاد بناتی ہے۔ | مہنگائی غیر ذمہ دارانہ پالیسی فیصلوں کا متوقع نتیجہ ہے: معیشت میں اضافی رقم ڈالنا؛ چھوٹے کاروبار کو کچلنا؛ بے پرواہی سے خرچ اور بھاگتی ہوئی مہنگائی نے نیچے سے اوپر تک سب کو نقصان پہنچایا ہے۔ |
| **جمہوریت کا تحفظ کرنا** | ہم پر حکومت میں شفافیت کو بڑھا کر ڈیموکریسی کا تحفظ کرنا ضروری ہے۔ ساسی ادائیگیاں روکنے کے لیے ہم پر خامیوں کو بند کرنا اور جرمانے بڑھانا بھی ضروری ہے۔ | میں اشتراکیت سے فرار ہونے اور امریکی خواب میں حصہ لینے کے لیے سابق سوویت یونین سے ہجرت کر کے NYC آیا: سخت محنت کریں، پیسہ کمائیں، اور آزادی سے جیئیں۔ ہمارے موجودہ قائدین ہمارے ان بنیادی حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کی کوشش کر رہے ہیں، اسی وجہ سے میں سیاست میں داخل ہوا۔ |

# الیکشن کے الرٹس حاصل کریں

**بذریعہ ٹیکسٹ یا ای میل انتخاب الرٹس کے لیے سائن اپ کریں! اہم حتمی تاریخوں اور ووٹ کب دینا ہے، کی تازہ ترین معلومات حاصل کریں۔**

**یہاں اسکین کریں یا ملاحظہ کریں: nycvotes.org/stay-informed**

## اگور کزاٹسکر (Igor Kazatsker)

ٹیم ٹرمپ

ضروری ہے کہ نیو یارک کا ہر باشندہ ہر جگہ - گھر میں، سڑکوں پر، سب ویز پر محفوظ محسوس کرے۔ ہمیں کافی تعداد میں گشت کرنے والے پولیس افسران کی ضرورت ہے۔ ہمیں کمیونٹی میں ہر جگہ یونیفارم دیکھنے کی ضرورت ہے اور ہمیں مجرموں کو جیل میں رکھنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے۔

شہر کی معیشت پر مہنگائی کے اثر کو مدنظر رکھتے ہوئے کونسل ٹیکس، فیس اور جرمانے کم کر کے اور نوکر شاہی کو گھٹا کر نیو یارک کے اوسط باشندوں کے بچاؤ کے لیے آگے آ سکتی ہے۔ اس طرح، کونسل زیادہ کارگر، اقتصادی طور پر درکار مزید سرکاری خدمات محفوظ بنا سکتی ہے۔

امریکہ کا شاندار طرز زندگی جمہوریت کی اساس میں پیوست ہے۔ کونسل کو ہرگز بھی ان آزادیوں پر تجاوز نہیں کرنا چاہیے جو ہماری جمہوریت کا ایک اہم حصہ ہیں۔ اسے اپنے اختیارات کا استعمال کر کے یہ یقینی بنانا چاہیے کہ نیو یارک کے باشندے اپنی زندگی اسی طرح گزاریں جس طرح ہمارا آئین ضمانت دیتا ہے۔

# خزاں 2023 کی بیلٹ تجاویز


### بیلٹ تجاویز کیا ہیں؟

**اس انتخاب میں تجاویز ریاستی آئین میں ترمیمات کے لیے ہیں۔ اس خزاں میں بیلٹ پر دو پوری ریاست کے لیے تجاویز موجود ہیں۔**

**آپ ان دونوں تجاویز پر "ہاں" یا "نہیں" کی صورت میں ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ بیلٹ تجاویز کو اگر اکثریتی ووٹ مل جائے، تو وہ منظور ہو جاتی ہیں۔**

### یہ تجاویز بیلٹ پر کیوں ہیں؟

نیو یارک ریاستی مقننہ نیو یارکرز کے ووٹ دینے کے لیے پوری ریاست والے بیلٹ اقدامات کی تجویز اور منظوری دیتی ہے۔



# بیلٹ تجویز 1

# آئین میں قرض پر خصوصی حد میں سے چھوٹے شہروں کے اسکول ضلعے کو نکالا جانا

## آپ بیلٹ پر کیا دیکھیں گے

آئین کے آرٹیکل 8، سیکشن 4 میں مجوزہ ترمیم چھوٹے شہروں پر اس وقت لاگو قرضے کی خصوصی آئینی حد کو ہٹاتی ہے، تاکہ ان کے ساتھ دیگر تمام اسکول ڈسٹرکٹس کی طرح کا ہی سلوک کیا جا سکے۔ کیا مجوزہ ترمیم کو منظور کیا جائے؟

### تجویز کا خلاصہ:

یہ آئینی ترمیم چھوٹے شہروں کے اسکول ڈسٹرکٹس پر آئینی حد کو ختم کرتی ہے۔ قرضے کی حدود ریاستی قانون میں تمام اسکول ڈسٹرکٹس کے لیے قائم کی جائیں گی۔

چھوٹے شہر کا ایک اسکول ڈسٹرکٹ ایسا ہوتا ہے، جس میں ایک چھوٹے شہر کا کم از کم ایک حصہ شامل ہو۔ ایک چھوٹا شہر ایک ایسا شہر ہے، جس میں ایک لاکھ پچیس ہزار سے کم لوگ ہوں۔

ریاستی آئین اس چیز پر حد لگاتا ہے کہ ایک چھوٹے شہر کا اسکول ڈسٹرکٹ کتنا قرضہ لے سکتا ہے۔ ان کا قرضہ ڈسٹرکٹ میں قابل محصول ریئل اسٹیٹ کی قدر کے پانچ فیصد سے زیادہ نہیں ہو سکتا۔ مخصوص اخراجات کے لیے کوئی استثناء نہیں ہیں۔ دیگر اسکول ڈسٹرکٹس پر قرض کی آئینی حد کا اطلاق نہیں ہوتا، مگر ان پر ریاستی قانون کے تحت قرضے کی دیگر حد لاگو ہوتی ہے۔ ریاستی قانون کہتا ہے کہ ان کا قرضہ قابل محصول ریئل پراپرٹی کی قدر کے دس فیصد سے زیادہ نہیں ہو سکتا۔ اگر یہ آئینی ترمیم شدہ انکشافی بیان منظور ہو جاتی ہے، تو چھوٹے شہروں کے اسکول ڈسٹرکٹس بھی قانونی عمل کے ذریعے دیگر اسکول ڈسٹرکٹس پر لاگو قرضے کی حد کے اہل ہو جائیں گے۔

### اگر تجویز منظور ہو جاتی ہے تو:

چھوٹے شہروں کے اسکول ڈسٹرکٹس بھی قانون کے تحت دوسرے ریاستی اسکول ڈسٹرکٹس پر لاگو قرضے کی حد کے لیے اہل ہو جائیں گے۔

# بیلٹ تجویز 2

# گندے پانی کے پراجیکٹ کے قرض کی حد سے استثناء میں توسیع

## آپ بیلٹ پر کیا دیکھیں گے

آئین کے آرٹیکل 8، سیکشن 5 میں مجوزہ ترمیم کاؤنٹیز، شہروں، قصبوں اور گاؤں کے لیے اس اختیار میں دس سال کی توسیع کرتی ہے کہ وہ گندے پانی کی سہولت گاہوں کی تعمیر کے لیے اپنی قرضے کی آئینی حدود کو ختم کر دیں۔ کیا مجوزہ ترمیم کو منظور کیا جائے؟

## تجویز کا خلاصہ:

آئین اس قرضے پر حد لگاتا ہے، جو کاؤنٹیز، شہر، قصبے اور گاؤں لے سکتے ہیں۔ قرضے کی حد میں گندے پانی کی صفائی اور تلفی کے لیے تعمیری پراجیکٹس کے لیے قرضہ شامل نہیں ہے۔ گندے پانی کے لیے قرضے کا استثناء 1 جنوری 2024 کو ختم ہو رہا ہے۔ یہ تجویز گندے پانی کے لیے قرضے کے استثناء کو مزید دس سال بڑھا کر 1 جنوری 2034 تک توسیع دے دیتی ہے۔

مجوزہ ترمیم ایسا آئین کے آرٹیکل 8 کے سیکشن 5 کو تبدیل کر کے کرتی ہے۔

## اگر تجویز منظور ہو جاتی ہے تو:

کاؤنٹیز، شہروں، قصبوں اور گاؤں کو گندے پانی کی صفائی اور تلفی کے اخراجات کے لیے آئین کے تحت اجازت شدہ قرضے کی رقم سے استثناء مزید 10 سال کے لیے جاری رہے گا۔

# NYC Votes کے متعلق

**NYC Votes نیو یارک سٹی کیمپین فائنانس بورڈ کا ایک قدم ہے، ایک خود مختار سٹی ایجنسی جو یقینی بناتی ہے کہ مقامی انتخابات منصفانہ، شمولیتی اور کھلے ہوں۔**

ہم ووٹروں اور امیدواروں کے درمیان شرکت کو فروغ دیتے ہیں تاکہ ہمارے منتخب عہدیداران ہماری متنوع کمیونٹیز کی ضروریات کو پورا کریں اور وہ مسائل حل کریں جو ووٹرز کے لیے اہم ہیں۔

ہم دفتر کے لیے انتخاب لڑنے میں حائل رکاوٹوں کو کم کر کے اور اپنے انتخابی نظام کو بہتر بنانے کے لیے حل پیش کر کے، نیو یارک کے ان باشندوں کو بااختیار بنا کر یہ کام کرتے ہیں جن کے ووٹ ڈالنے کا امکان کم ہے۔ NYC Votes کمیونٹی تنظیموں، رضاکاروں اور شہر کی دیگر ایجنسیوں کے ساتھ پورے شہر میں ووٹرز کو رجسٹر کرنے، تعلیم دینے اور مشغول کرنے کے لیے شراکت دار ہے۔ ہمارا مقصد انتخابات کے کام کرنے کے طریقے اور ان کی اہمیت کی وجہ کے متعلق ایماندارانہ گفتگو کر کے نیو یارک کے تمام باشندوں کے لیے انتخابی عمل کی بہتر سمجھ پیدا کرنا ہے۔

1988 میں قائم شدہ، یہ ایجنسی نیو یارک کے لوگوں کو ان کے بیلٹ پر امیدواروں کے بارے میں اور ان کی مہمات کے لیے فنڈز کے حوالے سے معلومات فراہم کرتی ہے۔ ہمارے میچنگ فنڈز پروگرام میں مقامی عطیہ دہندگان کی جانب سے دیئے گئے ہر $1 پر $8 تک سٹی کی فنڈنگ ہوتی ہے، جس سے شہر کے امیدواروں کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے کہ وہ خصوصی دلچسپیوں کے بجائے اپنی کمیونٹیز پر توجہ دیں۔

## میچنگ فنڈز پروگرام

**شہر کے امیدواروں کے لیے آپ کا تعاون اس وقت اور بھی بڑھ جاتا ہے جب آپ ان امیدواروں کی کرتے ہیں جو شہر کے میچنگ فنڈز پروگرام میں حصہ لیتے ہیں۔ حصہ لینے والے امیدواروں کے لیے شہر کے رہائشیوں کی طرف سے عطیات کو $8 سے $1 تک میچ کیے جا سکتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ جب آپ $10 کا تعاون کرتے ہیں، تو امیدوار کو $90 ملتے ہیں۔**

یہ پروگرام یقینی بنانے میں مدد کرتا ہے کہ مہمات کی فنڈنگ نیو یارکر کے لوگوں کے چھوٹے عطیات سے ہو، نہ کہ خصوصی مفادات کے حاملین کی جانب سے۔ اس کا یہ مطلب بھی ہے کہ وہ امیدوار جو دولت مند نہیں ہیں لیکن انہیں کمیونٹی کی مضبوط حمایت حاصل ہے، وہ انتخاب لڑنے کے متحمل ہو سکتے ہیں، جس سے ایک زیادہ متنوع اور نمائندہ حکومت بن سکتی ہے۔ نیو یارک سٹی کے 2021 کے انتخابات میں، 83% سے زیادہ مقامی امیدواروں نے کہا کہ میچنگ فنڈز ان کے عہدے کے لیے انتخاب لڑنے کی اہلیت کی کلید ہیں۔

یہاں عطیہ دیں:
**contribute.nycvotes.org**

# کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات

## عام امور

### عام انتخاب کیا ہے؟

عام انتخاب میں، مختلف پارٹیوں کے امیدوار ایک منتخب دفتر جیتنے کے لیے مقابلہ کرتے ہیں۔ آپ بیلٹ پر ہر دفتر کے لیے کسی بھی پارٹی لائن پر لڑنے والے کسی بھی امیدوار کے لیے ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ آپ بیلٹ تجاویز پر "ہاں" یا "نہیں" کی صورت میں ووٹ بھی ڈال سکتے ہیں۔ آخری تاریخ تک رجسٹر ہونے والے تمام ووٹرز ایک عام انتخاب میں ووٹ ڈالنے کے لیے اہل ہیں۔

### میں کیسے چیک کر سکتا ہوں کہ میں ووٹ دینے کے لیے رجسٹر شدہ ہوں؟

ملاحظہ کریں: **voterlookup.elections.ny.gov** یا NYC انتخابات بورڈ (Board of Elections) کو **866-VOTE-NYC (866-868-3692)** پر یا سماعت سے محروم افراد **TTY 212-487-5496** پر کال کریں۔

### اگر میں آخری بار ووٹ ڈالنے کے بعد نیویارک شہر میں کسی دوسری جگہ منتقل ہو گیا تھا، تو کیا ہو گا؟

اگر آپ منتقل ہوتے ہیں، تو آپ کو ایک نیا ووٹر رجسٹریشن فارم جمع کر کے انتخابات بورڈ کے پاس اپنا پتہ تبدیل کرنا چاہیے۔ آپ کے پتے کی تبدیلی انتخابات بورڈ کو **23 اکتوبر** تک موصول
معلوم یہ خاطر کی افراد محروم سے ہو جانی چاہیے۔ سماعت
کاری عمل پر تبدیلی کی پتے کے آپ آیا کہ لیے کے کرنے
**866-VOTE-NYC (866-868-3692)** ہے گئی کی
کریں۔ کال پر **TTY 212-487-5496** یا
اگر آپ کا پتہ ابھی تک اپ ڈیٹ نہیں ہوا ہے، تو آپ اپنی پول سائٹ پر حلف نامہ والے بیلٹ کی درخواست کرکے اپنے نئے پتے پر تفویض کردہ پول سائٹ پر ووٹ دے سکتے ہیں۔

## بذریعہ ڈاک ووٹ

### غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کرنے کی قابل قبول وجوہات کیا ہیں؟

اگر انتخاب کا دن آپ نیویارک شہر سے دور ہوں گے، کوئی بیماری یا جسمانی معذوری ہے، بیمار یا جسمانی طور پر معذور لوگوں کے لیے بنیادی دیکھ بھال فراہم کرنے والے ہیں، ویٹرنز ہیلتھ ایڈمنسٹریشن ہسپتال کے رہائشی یا مریض ہیں یا اگر آپ قید (ایک فیلونی جرم کے علاوہ کسی بھی وجہ سے) ہیں یا مقدمے کا انتظار کر رہے ہیں، تو آپ غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کے فارم پر اپنی وجہ پر نشان لگا سکتے ہیں۔

### اگر میں غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کروں، تو کیا میں پھر بھی ذاتی طور پر ووٹ ڈالنے کا اہل ہوں گا؟

اگر آپ نے غائبانہ بیلٹ کی درخواست کی ہے، تو آپ کو اس کے ساتھ ووٹ دینے کا پلان بنانا چاہیے۔ پول کھلنے کے دوران آپ کسی بھی ووٹنگ سائٹ پر اپنا مکملغیر حاضر بیلٹ چھوڑ سکتے ہیں۔ تاہم، اگر آپ غیر حاضر بیلٹ کی درخواست کرنے کے بعد ذاتی طور پر ووٹ دینے کا انتخاب کرتے ہیں، تو آپ کو اپنی پول سائٹ پر حلف نامہ والے بیلٹ کے ساتھ ووٹ دینا ہوگا۔ یہ بیلٹ مختلف نظر آئے گا۔ اگر آپ کو مدد کی ضرورت ہو، تو پول ورکر کو کہیں۔

### اگر میں اپنا بیلٹ بذریعہ ڈاک بھجوا رہا ہوں، تو کیا مجھے ٹکٹ لگانے پڑیں گے؟

نہیں، آپ کو ڈاک ٹکٹ شامل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، یقینی بنائیں کہ جتنی جلدی ہو سکے اپنا بیلٹ واپس بھجوا دیں۔ اسے قابل قبول ہونے کے لیے انتخاب کا دن تک پوسٹ مارک اور 14 نومبر تک کاؤنٹی بورڈ کو موصول ہو جانا چاہیے۔

### کیا میں اپنا غیر حاضری کا بیلٹ اپنی پولنگ سائٹ پر جمع کروا سکتا ہوں؟

ہاں! آپ کسی بھی NYC پول سائٹ یا انتخابات بورڈ کے دفتر میں اپنا مکمل کردہ غیر حاضر بیلٹ چھوڑ سکتے ہیں۔ بیلٹ باکسز فرنٹ ڈیسک پر دستیاب ہوں گے۔ آپ کو ڈاک شامل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

### کیا میں اپنا بیلٹ واپس کرنے کے بعد ٹریک کر سکتا ہوں؟

ہاں! **nycabsentee.com/tracking** ملاحظہ کریں۔

### اگر میرے غیر حاضر بیلٹ کے ساتھ کوئی مسئلہ ہو گیا، تو کیا ہو گا؟ کیا مجھے اسے ٹھیک کرنے کا موقع ملے گا؟

اگر آپ کے بیلٹ لفافے میں کوئی قابل تصحیح غلطی ہو، جیسا کہ غیر موجود یا غلط دستخط، تو قانون کے مطابق انتخابات بورڈ سے آپ کو مطلع کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کے بیلٹ میں قابل تصحیح غلطی ہے، تو وہ آپ سے بذریعہ ڈاک، ای میل اور فون (اگر دستیاب ہو) غلطی دریافت کرنے کے 1 دن کے اندر رابطہ کریں گے۔ اس کے بعد آپ کے پاس دستخط شدہ توثیق واپس کر کے غلطی کو درست کرنے کے لیے 7 کاروباری ایام کا وقت ہوگا۔

# مزید سوالات ہیں؟

**urdu.nycvotes.org/faqs ملاحظہ کریں!**

**آپ ہمیں nycvotes@nyccfb.info پر ای میل بھی کر سکتے ہیں یا ہمیں ٹوئٹر، فیس بک یا ریڈٹ (@nycvotes) پر پیغام بھیج سکتے ہیں۔**

## ووٹر گائیڈ کے متعلق

NYC VOTES

قانون کے مطابق، نیو یارک سٹی کیمپین فائنانس بورڈ کے لیے ضروری ہے کہ وہ سٹی کے انتخابات کے لیے نیو یارک سٹی میں رجسٹر شدہ تمام ووٹر کے گھر پر ایک ووٹر گائیڈ بھیجے۔ گائیڈ ایک میں ہسپانوی اور انگریزی کو ووٹر رجسٹرڈ ہر ہم ،کریول ہیتی ،فرانسیسی ،چینی ،بنگالی ،عربی اور ،ہیں بھیجتے شماری مردم میں اردو اور روسی ،پنجابی ،پولش ،کورین ،ہندی کے علاقوں گئے بنائے ہدف پر بنیاد کی شمار و اعداد کے ہیں۔ بھیجتے کو ووٹروں

یہ گائیڈ ان تمام امیدواروں کو ظاہر کرتی ہے، جو اشاعت کے وقت پر بیلٹ پر نظر آنے متوقع ہیں۔ ایک تازہ ترین فہرست کے لیے، **nycvotes.org/ur** آن لائن گائیڈ ملاحظہ کریں۔

نہیو یارک سٹی 2023 عام انتخاب کی ووٹر گائیڈ۔ کاپی رائٹ © 2023 بطرف نیو یارک سٹی کیمپین فائنانس بورڈ۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ بیل ویدر ایجنسی کی طرف سے ڈیزائن کردہ۔ بنا میں امریکہ

## انتخابات بورڈ کے ساتھ اپنی معلومات کو اپ ڈیٹ کریں

ہمیں آپ کا نام اور پتہ نیویارک سٹی انتخابات بورڈ کے زیر انتظام رجسٹرڈ ووٹرز کی فہرست سے ملا ہے۔

اگر آپ کو یہ ووٹر گائیڈ ڈاک میں موصول ہوا ہے لیکن یہ آپ کے لیے نہیں ہیں یا اگر یہاں کا رہائشی شخص کہیں اور منتقل ہو گیا ہے یا فوت ہو گیا ہے، تو انتخابات بورڈ کو مطلع کریں تاکہ وہ اپنا ریکارڈ درست کر سکیں۔

## انتخابات بورڈ سے رابطہ کریں

انتخابات بورڈ ہمارے انتخابات کا انتظام کرتا ہے اور رجسٹرڈ ووٹرز کے ڈیٹا بیس کو برقرار رکھنے، پولنگ کے مقامات کی نگرانی، بیلٹ کی گنتی، اور انتخابی نتائج کی اطلاع دینے کا ذمہ دار ہے۔ آپ نیویارک سٹی انتخابات بورڈ میں اپنی ووٹر رجسٹریشن اپ ڈیٹ کر سکتے ہیں، غیر حاضر بیلٹ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں، پول ورکر یا زبان کا مترجم بننے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں اور مزید بہت کچھ کر سکتے ہیں۔

### باقاعدہ اوقات کار

پیر تا جمعہ اور انتخاب کا دن سے پہلے اور اس دن ویک اینڈ پر بھی صبح 9:00 تا شام 5:00 بجے تک۔ اوقات کار کے لیے **vote.nyc** چیک کریں۔

**VOTE-NYC-866**

(کمزور سماعت والوں کے لیے **212-487-5496** TTY)

**مزید جاننے کے لیے vote.nyc وزٹ کریں۔**

| | پتہ | فون نمبر |
|---|---|---|
| جنرل دفتر | 32-42 Broadway, 7th Floor<br>New York, NY 10004 | 212-487-5400 |
| برونکس | 1780 Grand Concourse, 5th Floor<br>Bronx, NY 10457 | 718-299-9017 |
| بروکلین | 345 Adams Street, 4th Floor<br>Brooklyn, NY 11201 | 718-797-8800 |
| مین ہٹن | 200 Varick Street, 10th Floor<br>New York, NY 10014 | 212-886-2100 |
| کوئینز | 118-35 Queens Boulevard, 11th Floor<br>Forest Hills, NY 11375 | 718-730-6730 |
| اسٹیٹن آئی لینڈ | 1 Edgewater Plaza, 4th Floor<br>Staten Island, NY 10305 | 718-876-0079 |